# صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز جمعۃ المبارک مورخہ 08 دسمبر 2017 بمطابق 19 ربیع الاوّل 1439 ہجری بعد از دوپہر تین بجکر پینتیس منٹ پر منعقد ہوا۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر، مہر تاج روغانی مسند صدارت پر متمکن ہوئیں۔

---

## تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیۡطٰنِ الرَّجِیۡمِ۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔

أَصۡحٰبُ الۡجَنَّةِ يَوۡمَئِذٍ خَيۡرٌ مُّسۡتَقَرًّا وَأَحۡسَنُ مَقِيلًاO وَيَوۡمَ تَشَقَّقُ السَّمَآءُ بِالۡغَمٰمِ وَنُزِّلَ الۡمَلٰٓئِكَةُ تَنزِيلًاO الۡمُلۡكُ يَوۡمَئِذٍ الۡحَقُّ لِلرَّحۡمٰنِ ۚ وَكَانَ يَوۡمًا عَلَى الۡكٰفِرِينَ عَسِيرًاO وَيَوۡمَ يَعَضُّ الظَّالِمُ عَلٰى يَدَيۡهِ يَقُولُ يٰلَيۡتَنِي اتَّخَذۡتُ مَعَ الرَّسُولِ سَبِيلًاO يٰوَيۡلَتٰى لَيۡتَنِي لَمۡ أَتَّخِذۡ فُلَانًا خَلِيلًاO لَّقَدۡ أَضَلَّنِي عَنِ الذِّكۡرِ بَعۡدَ إِذۡ جَآءَنِي ۗ وَكَانَ الشَّيۡطٰنُ لِلۡإِنسٰنِ خَذُولًاO وَقَالَ الرَّسُولُ يٰرَبِّ إِنَّ قَوۡمِي اتَّخَذُوا هٰذَا الۡقُرۡءَانَ مَهۡجُورًا۔

(ترجمہ): اس دن اہل جنت کا ٹھکانا بھی بہتر ہوگا اور مقام استراحت بھی ہوگا۔ اور جس دن آسمان ابر کے ساتھ پھٹ جائے گا اور فرشتے نازل کئے جائیں گے۔ اس دن سچی بادشاہی خدا ہی کی ہوگی۔ اور وہ دن کافروں پر (سخت) مشکل ہوگا۔ اور جس دن (ناعاقبت اندیش) ظالم اپنے ہاتھ کاٹ کاٹ کر کھائے گا (اور کہے گا) کہ اے کاش میں نے پیغمبر کے ساتھ رشتہ اختیار کیا ہوتا۔ ہائے شامت کاش میں نے فلاں شخص کو دوست نہ بنایا ہوتا۔ اس نے مجھ کو (کتاب) نصیحت کے میرے پاس آنے کے بعد بہکا دیا۔ اور شیطان انسان کو وقت پر دغا دینے والا ہے۔ اور پیغمبر کہیں گے کہ اے پروردگار میری قوم نے اس قرآن کو چھوڑ رکھا تھا۔ وآخِرُ الدَّعۡوَانا أَنِ الۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعٰلَمِینَ۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: جزاکم اللہ۔

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی: میڈم ! کورم پورا نہیں ہے، میڈم ! کورم پورا کریں، ابھی بلائیں، Bell بجائیں۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: It's alright خیر ہے It's alright وہ Bell بجا دیتے ہیں، میں آج زیادہ تر، بابک صاحب کی بھی بات ہے، آپ کی بھی بات ہے، آج زیادہ ٹائم دے دیتے ہیں۔ شوکت صاحب کی بات یہ ہے کہ شوکت صاحب کہتے ہیں، آج بہت بھاری دن ہے، اگر آپ سب لوگوں کو سمجھ ہے، اتنا بھاری دن ہے کہ وہ اس پہ بھی ڈسکشن کرنا چاہتے ہیں۔ سکندر صاحب ! وہ پہلے والی بات پہ نگہت بی بی نے رات کو مجھے نماز کے وقت پہ Message کیا ہے۔

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی: کورم پورا نہیں ہے۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: جی ؟ کورم پورا ہے، انیسہ بی بی کورم پورا ہے، تھینک یو ویری مچ۔ مجھ سے دعا بھی آپ نے بعد میں کرائی، دعا میں نے نہیں کی۔ رَبِّ اشْرَحْ لِي صَدْرِي O وَيَسِّرْ لِي أَمْرِي O وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّن لِّسَانِي O يَفْقَهُوا قَوْلِي۔ پہلے تو مجھے دعا تو کر لیا کرنے دیں نا پلیز، اچھا جی، اوکے جی، The other day بہت زیادہ وہ جو ہے پیش کیا سکندر خان صاحب نے اور نگہت بی بی کو ہم Appreciate اسلئے کرتے ہیں کہ انہوں نے پوائنٹ آؤٹ کیا تھا کہ یہ نومبر تک حالات ذرا ٹھیک جا رہے تھے And suddenly کیا ہوا کہ یہ حالات بہت زیادہ خراب ہو گئے ؟ اس وجہ سے سکندر صاحب اور نگہت بی بی دونوں نے سپیکر صاحب سے وہ کیا And he agreed، تو سکندر صاحب ! آپ اور نگہت بی بی آپ ! یہ پیش کریں ذرا رولز کیلئے۔

## تحریک التواء نمبر 277 پر تفصیلی بحث

Mr. Sikandar Hayat Khan: Thank you Madam Speaker, normal business may be suspended and we may be given an opportunity to discuss the prevailing Law and Order Situation, specifically regarding the recent terrorist incidents which happened in Khyber Pakhtunkhwa.

Madam Deputy Speaker: Yes, I think this is, I have to read the rule. Sikandar Hayat Khan and Nighat Orakzai Bibi, MPA, to please move their joint adjournment motion No. 277, in the House. The motion

before the House is that the adjournment motion moved by the honourable Members may be taken for detailed discussion today? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Madam Deputy Speaker: The'Ayes' have it. Mr. Sikandar Khan and Nighat Bibi, to please start discussion on your adjournment motion, first Sikandar and then Nighat Bibi, and then even Member from treasury.

جناب سکندر حیات خان: مهربانی میډم سپیکر۔ میډم سپیکر! دې نه مخکښې چې زه په دې اهم موضوع باندې خبره کول شروع کړم یو شے به زه وئیل غواړمه چې کوم نن د پاره هم Burning issue ده او هغه دا چې دې ریجن کښې کوم حالات جوړیږی لګیا دی او خاصکر دغه بله ورځ چې کوم د US President کوم یو Policy decision اخستلے دے۔۔۔۔۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: جی، 'سوری' سکندر صاحب! په هغې بیل دغه راروان دے۔

جناب سکندر حیات خان: جی بی بی، زه ئے دې سره لنک کومه ځکه چې بی بی! د هغې د وجې نه مونږ دا ګنړو چې لاء اینډ آرډر سیچویشن چې دے، هغه به Affect کیږی نو زه صرف د هغې صرف تمهید ایږدم، نور بیا چې دے هغوی د بالکل دغه اوکړی۔۔۔۔۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: اوکےاوکے، صحیح۔

جناب سکندر حیات خان: مونږه دا ګنړو چې Already زمونږه ټول ریجن کښې مډل ایسټ کښې او زمونږه ریجن کښې Turmoil او په دې حالاتو کښې چې داسې قسمه Decisions اخستلې کیږی، د هغې سره به It will add fuel to fire او دا Turmoil به زیاتیږی ځکه مونږه دا ګنړو چې دا کوم Decision یو ایس اخستلے دا بالکل غلط دے او دا د انټرنیشنل قوانینو هم خلاف دے او بل خوا ته د هغه ځائې د خلقو د Aspirations هم خلاف دے د مسلمانانو د Aspirations هم خلاف دے، نو

مونږه د دې مذمت کوؤ او مونږه دا ګنړو چې دې سره به په دې ريجن کښې به نور هم Further دا سيچويشن خرابيږی، نو پکار ده چې دوئ د په هغه فيصله باندې نظر ثانی اوکړی۔ ميډم سپيکر! زه خپل موضوع ته راځمه خو زه به دا لږ يو دغه کومه چې لاء اينډ آرډر چې وی، دا د صوبې يو اهم ذمه واری کښې راځی او يو اهم ډسکشن دے خصوصاً چې د تيرو څو کالو نه زمونږه صوبې چې کوم حالات ليدلی دی نو دا زمونږه صوبې د پاره يو اهم مسئله ده خو زه د ډير افسوس سره وايمه چې نه ما ته ګيلرئ کښې هغه لحاظ سره د هوم ډيپارټمنټ يا د پوليس ډيپارټمنټ څوک هغه شان دغه ښکاری چې څوک سينيئر افسر راغلے وی چې دا اهم ډسکشن دلته کښې کيږی چې هغوی هم دا شے سيريس اخلی۔ ميډم سپيکر! چې دا حال وی نو مونږه به د هغې څه تدارک کوؤ او څه به دغه کوؤ؟ بيا ورسره ورسره زما ګله د ټريژری بنچز نه هم جوړيږی چې دومره اهم موضوع باندې خبره کيږی او مونږه چې ګورو نو ټريژری بنچز خالی پراته دی نو دا هم د افسوس خبره ده او مونږه دا ګنړو چې دا اهم د دې صوبې اهم مسئلې دی چې په دې ډسکشن باندې مونږه ورله اهميت ورنکړو نو بيا به ورله نور څوک اهميت ورکوی؟ جناب سپيکر! د دې هاؤس ممبران چې ورله اهميت ورنکړی نو بيا خو به پخپله د دې هاؤس اهميت هغه لحاظ سره کميږی، نو مونږه دا ګنړو چې پکار ده چې نن ټول دلته کښې موجود وے۔ميډم سپيکر! هغه بله ورځ په دې باندې خبره هم اوشوه او په دې باندې Detailed discussion مونږه کول غوښتل چې که تاسو اوګورئ نو تاسو هم هغې طرفته خپل خبرو کښې اشاره اوکړه چې تاسو وئيل چې يره نومبر پورې حالات ټهيک وو او بيا يکدم دغه شو ميډم سپيکر! دا که Insurgency ورته وائې، که Militancy ورته وائې، که Terrorism ورته وائې،Whatever name you call it، داسې حالات چې وی دې باندې Continuous نظر ساتلو ضرورت وی او چې کله هم د هغې نه فوکس لری شی نو دا دوباره سر رااوچتوی او بيا په هغې کښې دوباره واقعات او بيا دغه کيږی او د دې بيا خطرناکه خبره دا وی چې د دې Next phase چې کله سټارټ کيږی نو هغه فيز د تيرو فيزونو نه زيات سخت وی نو په دغې حوالې سره مونږه دا ګنړو چې په دې

باندې یو فوکس نظر پکار وو او دا ګیله زمونږه د مرکزی حکومت نه هم ده او د صوبائی حکومت نه هم ده چې په دې باندې کومه توجه چې پکار وه هغه مونږ ته نه ښکاری لګیا ده، زمونږه Attention نورو مسئلو طرفته دے خو دا د دې صوبې چې کومه اهمه مسئله ده، هغې طرفته نشته۔میډم سپیکر! څنګه چې مونږه هغه بله ورځ هم وئیلی وو چې زمونږه د صوبې مشرانو زمونږه د صوبې میندو خوئیندو، زمونږه د صوبې ځوانانو حتیٰ چې زمونږه بچو، زمونږه Law Enforcing Agencies ډیرې قربانئ ورکړې، ډیره زیاته وینه توئې شوه، مونږه دا نه غواړو چې د هغوی دا وینه چې توئې شوې ده کوم مقصد د پاره چې هغه رائیګاں لاړه شی او هغه بې ځایه دغه شی، مونږه دا غواړو چې دا هغوی کوم مقصد د پاره چې وینه دغه شوې ده چې کم از کم چې امن قائمیدو د پاره مونږه Seriousness اوښایو او مونږه دې د پاره کوشش اوکړو چې امن دې قائم شی۔ د دې دومره قربانو باوجود که امن نه قائمیږی، دا چې دے دا یو سوالیه نشان دے او په دې باندې لږ سوچ کولو ضرورت دے۔ میډم سپیکر!مونږه هغه بله ورځ هم خبره اوکړه چې دا کتل پکار دی چې آیا په نیشنل ایکشن پلان باندې عمل شوے دے او که نه دے شوے ؟ که عمل شوے دے ، څومره حده پورې شوے دے ؟ خو بیا ورسره ورسره زه دیکښې لږ خبره Add کومه چې خالی دا نه چې صرف په نیشنل ایکشن پلان باندې ټولې پارټئ متفق شوی دی نو په دې باندې د عمل اوشی څنګه چې د Militants د طرفه، د Extremist د طرفه Strategies change کیږی، مونږ ته دا Revisit کولو هم ضرورت دے چې آیا مونږ ته خپل Strategy change کولو کښې هم څه ضرورت شته چې مونږه خپل Strategy change کړو، څنګه چې هغوی کله یو شانتې Targets attack کوی، کله بل شانتې دغه کوی، نو دې باندې هم لږ غور پکار دے او دغه مونږ ته نه ښکاری چې هغه فوکس شته او په دې باندې څوک توجه هغه لحاظ سره ورکوی لګیا دی دا واقعات که تاسو اوګورئ، مونږه که وایو نو مونږه وایو دا دوه لوئې واقعات اوشو په پېښور کښې دې تیرې میاشت کښې خو منستړی که دې نه مخکښې هم که مونږه اوګورو نو د Kidnapping for ransom او د بهتې کالونه چې دی، د هغې سلسله د تیر

دوه،دري،څلور میاشتو نه بیا زیاته شوې ده او دا همیشه د دې Indication وی چې بهئ اوس څه کیدو والا دی نو پکار داوه چې مونږه هغې باندې توجه ورکړے وے او د دې د پاره مو یو Strategy جوړه کړې وے۔ دغې سره سره په افغانستان کښې چې دا کوم صورتحال جوړ دے ، که مونږ دا اووایو چې زمونږه ریجن کښې امن چې دے هغه په افغانستان کښې حالاتونه بیل دے ، جدا دے نو دا غلطه خبره ده ، هغه ځائې کښې چې کوم صورتحال جوړ دے ، پکار دا وه چې مونږه د هغې د پاره Strategy جوړه کړے وے چې بهئ هغلته کښې حالات خرابیږی، د دې اثر به په مونږه هم کیږی، مونږه د هغې د پاره روک تهام کړے وے مونږه بالکل دا منو چې زمونږه Law Enforcing Agencies ډیرې قربانئ ورکړی دی، د هغوی قربانو ته هم سلام دے او دا هغوی چې کوم طریقې سره خپله ډیوټی کوی، کوم دغه کوی بالکل مونږه هغې ته سلام کوؤ خو میډم سپیکر! دې ته کتل پکار دی چې مونږه به آیا دې ته کښینو چې داسې دهشتګرد به راځی، واقعات به کیږی، د هغې نه پس زمونږ Law Enforcing Agencies به راځی، هغوی به کارروائی کوی او هغه به دغه کیږی او مونږه به، Reactionary mood کښې ناست یو که نه مونږه Proactive role به Play کوؤ چې داسې قسمه واقعات د مخکښې نه مونږه رکاؤولو د پاره Strategy جوړه کړو، دا خو به مونږه وایم داسې ناست یو او بس روزانه به جنازې اوچتوؤ او یو سلسله به روانه وی او دغه به هغه شانتې کیږی۔ دې له پاره د Proactive دغه د پاره پکار دې چې مونږه د یو خپل Role play کړو او هغه کتل پکار دی چې آیا مونږه دا څه Strategy اپناؤ کړې ده او که نه دیکښې اوس دا هم یو دغه دے چې ټهیک ده په دغه ورځ باندې چې کله دا واقعات شروع شو، د هغې نه پس څه Law Enforcing Agencies ډیر ښه کار اوکړو خو دا کتل غواړی چې دا دې حد پورې څنګه دغه اورسیدل چې دا کسان راغلل او دغه ځائے ته اورسیدل او هغوی دا کارروائی شروع کړه، آیا There was an intelligence failure in that ځکه چې د هغې نه مخکښې خو د Intelligence دغه کاردے نو آیا That was a failure there او دا به کتل غواړی د هغې نه دوه درې ورځې مخکښې زمونږ د

ایډیشنل آئی جی صاحب، اشرف نور صاحب، د هغوی شهادت اوشو نو هغه پکار وو چې مونږ ته یو Indication ملاؤ شوے وے، دغه واقعه هم چې اوشوه، یو لویه واقعه اوشوه، یو لوئې افسر شهید کړے شو نو پکار دا ده چې هغې نه مونږه دغه کړے وے او دغه واقعه هم چې کیدله That is also, it should be considered as an intelligence failure. چې دغه کیږی نو مونږ دې د پاره څه Strategy جوړه کړې ده؟ مونږ دا غواړو چې په دې باندې ډسکشن اوشی۔ بیا دې سره سره میډم سپیکر! دا به هم کول غواړی چې دا صرف دا نه ده چې مونږ Law Enforcing Agency په ذریعه دغه کړو، د دې ایشو چې دے، د هغې Mindset او د هغې کوم حالات چې دی، د هغې توړ چې دے هغه Politically مونږ څنګه کوؤ لګیا یو؟ آیا مونږ د هغې د پاره څه خلق مو په اعتماد کښې اخستلی دی، آیا مونږ پولیټیکل پارټۍ په دې باندې اعتماد باندې اخستی دی چې بهئ دا حالات څه دی، څه کیږی لګیا دی، کوم طرف ته دا شے روان دے؟ مونږ آیا په دیکښې یو Role play کړے دے چې بهئ دې د پاره یو دغه کړو چې بهئ مونږ ټول متفق شو او کم ازکم یو بیانیه چې ده هغه مونږ په دې باندې ټول اوساتو؟ دغه هم مونږ ته هغه لحاظ سره نه ښکاری او دا د پولیټیکل خلقو کار دے چې هغوی به دا شے Built کوی، دا مونږ د پاره څوک بل څوک نه شی راتلے او دا شے Built کوی، چې مونږ هغه خپله ټوله Responsibility بل چا ته حواله کول شروع کړو نو بیا به هم دا خبره کیږی چې یره سیاسی خلق ناکامه دی او سیاسی خلق خپل کردار نه ادا کوی لګیا دی نو میډم سپیکر! دغې حوالې سره مونږ دا غواړو چې یو پوره Strategy د جوړه کړے شی او په هغې باندې که Ideology basis باندې دیکښې خبره کول وی چې بهئ ټول متفق شی او دا اووائی چې بهئ که دا نقصان رارسوی، دا زمونږ مذهب ته هم رارسوی، دا زمونږ سیاسی نظام ته هم رارسوی، دا زمونږ ادارو ته هم رارسوی، دا زمونږ خلقو ته هم رارسوی، دا زمونږ ملک ته هم نقصان رارسوی نو هله به د دې هغه لحاظ سره مقابله کیدې شی، د هغې د پاره چې دے مونږ ته Efforts نه ښکاری او دا We consider چې دا On part of the Provincial Government. پکار ده چې دې د پاره څه Strategy

جوړه شوې وه او څه لاره مخامخ راغلے وے۔ دغه شانتې د مرکزي حکومت نه هم زمونږ ګیلې دی چې هغوی هغه لحاظ سره په دې ریجنل سیچویشن کښې هڅو څه کردار مونږ ته هغه شانتې نه ښکاری، دا د هیچا نه هم دا خبره پټه نه ده چې د افغانستان سره زمونږ کوم یو دغه دے دې ریجن کښې چې هلته کښې کوم اثرات وی د هغې دلته کښې اثرات کیږی، پکار دا ده چې د افغانستان سره تعلق ټهیک کولو کښې مونږ د د هغې د پاره یو پوره Active role play کړو او د هغې د پاره یو Strategy جوړه کړو ځکه چې هغوی هم دTerrorism ښکار دی، مونږ هم د Terrorism ښکار یو، هلته هم وینه توئ شوې ده او دلته هم وینه توئیږی لګیا ده نو پکار خو دا وه چې مونږ په یو پیج باندې وے او د دې خلاف مونږ یو Joint strategy جوړولې خو بدقسمتئ نه په هغې کښې داسې قوتونه دی، بعضې داسې خلق دی چې هغه هغې کښې هغه کردار نه ادا کوی، پکار دے چې مونږ د هغې Counter د پاره څه Strategy جوړه کړو، هغه هم مونږ ته مرکزی حکومت په حوالے سره څه نه ښکاری نو هغوی طرف نه هم زمونږ دا ګیله هم ده، بلکه بعضې وخت کښې خو مونږ ته میډم سپیکر! داسې ښکاری چې مرکزی حکومت چې دے هغه دې پسې لګیدلے دے چې یو کس یا یو خاندان د بچ کړی او دلته کښې صوبې کښې داسې ښکاری چې صوبائی حکومت ټول توانائی په دې باندې ده چې یو کس د دغه کرسئ ته اورسوی، نور په دې د هغوی کار نشته چې خلق څنګه تیریږی لګیا دی، د صوبې څه حال کیږی لګیا دے، د ملک څه حال کیږی لګیا دے؟ دا شے چې دے دا ختمیدل پکار دی، مونږ ته خپل Responsibility, even to own our responsibility او هغه Seriousness مونږ ته ښکاری نه لګیا دے، دې باندې توجو ورکولو ضرورت دے او د دې د پاره پکار دا دی چې تاسو ټول پولیټیکل پارټئ خاص چې په اسمبلئ کښې موجود دی، اسمبلئ نه بهر هم چې کوم دے ټول په اعتماد کښې واخلئ، هغوی ته یو'ان کیمره' دغه ورکړئ چې بهئ دا سیچویشن دے څه، ستاسو څه Strategy ده چې پته اولګی چې د هغې مطابق بیا سرے دغه کولې شی، په دیکښې Input سړے هغه خپل ورکولې شی خو میډم سپیکر! افسوس سره خبره دا ده چې څنګه چې نن دغه

ګیلرئ خالی دی او د هغې نه پته لګی چې په لاء اینډ آرډر باندې د سکشن کیږی او هغه لحاظ سره سینیئر افسران موجود نشته نو د هغې نه دا پته لګی چې یره دغه شانتې Strategy چې ده، دا د صوبائی حکومت هم ده او د هغوی هم دیخوا ته هغه شانتې توجه نشته نو په دیکښې دا به مونږ ته چینج کول وی، که دا مونږ چینج نکړو میډم سپیکر! نو بیا به هم دغسې وی، روزانه په بنیاد باندې به جنازې اوچتوؤ او د دې به څه حل راوانه ځی میډم سپیکر۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: تهینک یو، سکندر۔ ما Roll call کړل او دا دغه مې راوغوښته، په دیکښې Unfortunately you are right د هوم اینډ ټرائبل دغه والا نشته دے، .Absent، هیڅوک نه دی راغلی اینډ د دغه پولیس ډیپارټمنټ نه سی پی او هدایت راغلے دے، Police department is here ډی ایس پی، Sorry ډی ایس پی راغلے دے۔

محترمہ نگہت اورکزئی: Only DSP, sorry Sir, sorry Madam یہ تو ہمارے ساتھ مذاق ہے، نہیں آپ ایسا کریں کہ کسی کانسٹیبل کو بلالیں۔

جناب شاہ حسین خان: ډی ایس پی لیول خو عام جهګړې د پاره دغه وی، هغې د پاره دغه وی، دا خو زما خیال دے د دې هاؤس تذلیل دے۔

محترمہ نگہت اورکزئی: مجھے بات کرنے کا موقع دیں۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: نگہت بی بی! ہاں کیونکہ پھر Shah Farman is ready، نگہت بی بی! آپ ذرا اپنا اس پہ بولیں نا، یہ جو ہے۔

محترمہ نگہت اورکزئی: جی، اسی پر بول رہی ہوں میڈم سپیکر صاحبہ! آج جس طریقے سے آپ کے ڈیپارٹمنٹ نے، پولیس نے اور ہوم ڈیپارٹمنٹ نے جس طریقے سے اس ہاؤس کی توہین کی ہے، میرا خیال ہے کہ یہ کسی بھی Past اسمبلیوں میں کہیں بھی توہین نہیں ہوئی ہے۔ میڈم سپیکر صاحبہ، ڈی ایس پی کی بجائے یہاں پر کسی سپاہی کو بلالیتے کیونکہ سپاہی جو ہے، وہ بھی پورے ایوان سے آپ کی نظر میں بہت زیادہ High official ہے۔

یہاں پہ آج چاہیئے تھا کہ آئی جی پی بیٹھا ہوتا، یہاں پہ آج چاہیئے تھا کہ ہوم سیکرٹری یہاں پہ بیٹھا ہوتا، یہاں پہ چاہئیے تھا کہ آج سی ایم صاحب بیٹھے ہوتے، یہاں پہ چاہئیے تھا کہ آج جو ٹریژری بنچز جو ہیں یہ پوری بھری ہوئی ہوتیں۔ میڈم سپیکر صاحبہ! ہم نے یہاں پہ اگر بات کرنی ہے تو یہ ہماری جوائنٹ ایک اسمبلی ہے، ہم اپوزیشن میں ہوں یا ٹریژری بنچز میں ہوں، ہم لوگوں نے جب بات کرنی ہوتی ہے تو تمام ڈیپارٹمنٹ کو اس بات پہ یہ یقین رکھنا چاہیئے کہ یہ پارلیمنٹ سپریم ہے اور ان کو گیلریز میں آ کے Notes لینے چاہئیں، میڈم سپیکر صاحبہ! یہ کوئی عام مسئلہ نہیں تھا کہ جس کو سکندر شیر پاؤ صاحب نے یا میں نے، میری تحریک۔۔۔۔۔

<u>Madam Deputy Speaker:</u> Shah Farman Sahib! You.

<u>محترمہ نگہت اورکزئی:</u> اور میڈم سپیکر صاحبہ! میں اس وقت تک بات نہیں کروں گی جب تک، اور میں شاہ فرمان صاحب سے بھی یہ درخواست کروں گی کہ اس وقت تک میں نے بات نہیں کرنی ہے اس موضوع پہ جب تک کہ ہوم ڈیپارٹمنٹ کا بندہ، High official اور پولیس کا بندہ یہاں پہ آ کے بیٹھے نا، میں کوئی بات نہیں کروں گی۔

(تالیاں)

<u>محترمہ ڈپٹی سپیکر:</u> او کے جی، مولانا، جی او کے، مولانا صاحب، جی مولانا صاحب۔

<u>محترمہ نگہت اورکزئی:</u> میڈم سپیکر صاحبہ! بات یہ ہے کہ چونکہ ہمارے Colleagues یعنی اپوزیشن کی زیادہ ذمہ واری ہماری۔۔۔۔۔

<u>جناب لطف الرحمان (قائد حزب اختلاف):</u> تاسو کبنینی، لږ خبرو کولو ته مې پرېږده۔

<u>محترمہ نگہت اورکزئی:</u> لیکن نہیں، میں نے بات جو شروع کی ہے تو اس کو۔

<u>قائد حزب اختلاف:</u> لږ خبرو ته مو پرېږده۔

<u>محترمہ نگہت اورکزئی:</u> تاسو چې را شئ نو بس بیا۔۔۔۔۔

<u>سردار اورنگزیب نلوٹھا:</u> سپیکر صاحبہ! ان کو ہمارے پانچ منٹ کا ٹائم دیدیں جی۔

<u>Madam Deputy Speaker:</u> Shah Farman Sahib is coming.

سردار اورنگزیب نلوٹھا: ذرا آئی جی صاحب کو تشریف لانے دیں۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: ہاں، وہ آئی جی، وہ میں نے بھیجا ہے کسی کو، وہ فون کر رہا ہے، جی مولانا صاحب! تاسو ستارت کړئ۔

قائد حزب اختلاف: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ میڈم سپیکر، ہمارے دوست Colleagues یہ آپ سے مطالبہ کر رہے ہیں پانچ منٹ میں بلانے کا، اب یہ ممکن تو ہے نہیں، پانچ منٹ میں کوئی آنا اور آپ کے آرڈر پہنچنے تک تو شاید شام ہی ہو جائے اور ہماری اسمبلی کا اجلاس ختم ہو جائے گا اور ہم اپنی بات شاید کر بھی نہ پائیں۔

جناب محمد علی: نه میډم سپیکر، په دې روډ ونو باندې ډیر زیات رش وی او کار هم روان دے نو-----

Madam Deputy Speaker: No, Muhammad Ali,please no cross talk.

قائد حزب اختلاف: جی ہاں، وہ بھی آپ کی وجہ سے ہے۔

Madam Deputy Speaker: No cross talk. Ji.

قائد حزب اختلاف: تو یہ اہم موضوع ہے اور ہم اپنے سرکاری آفیسرز سے کیا گلہ کریں گے کہ جب ہمارے اپنے حکومتی ارکان جو ذمہ داری ہے ان کی، وہ جب یہاں اسمبلی میں اس بات کو اہمیت نہیں دیں گے جو اتنا اہم موضوع آج اسمبلی میں ڈسکس ہو رہا ہو اور وہ خود موجود نہ ہوں تو جب وہ اس کو اہمیت نہیں دیتے تو باقی ان کے آفیسرز کیا اس کو اہمیت دیں گے؟ تو اس وقت میڈم سپیکر! بنیادی بات یہ ہے کہ ہم بہت ساری پالیسیوں کی وجہ سے Internationally بھی جڑے ہوئے ہیں اور ان پالیسیوں کی وجہ سے ہم ایک تسلسل کے ساتھ اپنے ملک کیلئے ہم نے عذاب ڈھونڈا ہے اور ہم اس عذاب سے گزر رہے ہیں اور آج بھی اگر ہم یہاں پہ بیٹھے ہیں تو اگر ڈونلڈ ٹرمپ کے اس اعلامیہ کو آپ دیکھ لیں کہ جس پہ ہمارا قبلہ اول بیت المقدس کے حوالے سے کہ وہ اس کو اسرائیل کا دارالخلافہ قرار دینے کا انہوں نے اعلامیہ جاری کیا ہے اور اس پہ پورے مسلمانوں میں، آج پوری دنیا کے مسلمانوں میں جو تکلیف ہے جو درد ہے، وہ عیاں ہے، ساری دنیا پہ عیاں ہے اور آپ دیکھ لیں، میڈیا پہ دیکھ لیں، جو کچھ ہو رہا ہے اور اس کی وجہ سے، انہی پالیسیوں کی وجہ سے ہم جو زد میں ہیں اور ہم نے تکالیف اٹھائیں ہیں، پورے ملک نے اٹھائی ہیں، اگر عام شہری ہے تو اس نے بھی اٹھائیں ہیں اور اگر ہماری فورسز ہیں، انہوں نے بھی

اٹھائیں ہیں، اگر ہمارے بچے ہیں انہوں نے بھی اٹھائیں ہیں اور تسلسل کے ساتھ اٹھائیں ہیں، تسلسل کے ساتھ اٹھائیں ہیں اور یہ ساری قربانیاں جو ہم نے دی ہیں میڈم سپیکر! وہ بنیادی طور پر مقصد تو امن تھا اور ہم چاہتے تھے کہ اگر دنیا ایک دہشت گردی کو ختم کرنا چاہتی ہے تو ختم کرنے کا مقصد تو امن پیدا کرنا تھا اور پھر اگر ہم ہر اول دستے کا جو Role play کر رہے تھے اور کردار ادا کر رہے تھے تو وہ قربانی بھی اسی بنیاد پر دے رہے تھے کہ ہمارے خطے میں بھی امن پیدا ہو، اگر دوسری دنیا کو تکلیف ہے اور اس کو تکلیف سے نکالنا ہے تو ہمارے اپنے خطے میں جو تکلیف ہے، اس تکلیف کو بھی تو ختم کرنا ہے لیکن میڈم سپیکر! ہم نے بارہا اس حوالے سے بات کی ہے اور ہم نے یہی باتیں کیں، بار بار کی ہیں اسی اسمبلی کے فلور پہ کی ہیں کہ کیا ہم ہماری پالیسیوں کی وجہ سے دہشت گردی کو ختم کر سکے ہیں یا دہشت گردی کو بڑھاوا دیا ہے؟ کیا ہماری پالیسیوں کی وجہ سے آج امن آ چکا ہے؟ دہشت گردی کی ہم نے بیخ کنی کر لی ہے یا وہ مزید اس کو بڑھاوا ملا ہے؟ ہم اپنے آپ کو تسلی تو دیتے ہیں، ایک تسلسل کے ساتھ ہم کہتے ہیں کہ جی اب بڑا فرق پڑ گیا ہے، دہشت گردی ختم ہو گئی ہے، ہم نے دہشت گردوں کو مارا ہے اور اب جب اس کی بنیاد ہی ختم کر دی اور پھر جب تسلسل کے ساتھ ہمارے ممبران کو بھی ان علاقوں کو بھی ذہنی طور یہ سارا کچھ کرنا کہ اب راستے بھی آزاد ہو گئے ہیں اور ہم نے مکمل طور پر امن نافذ کر دیا ہے، تو پھر اس قسم کے جب واقعات جنم لیں گے، ابھی جناب سپیکر! یہ پرسوں ترسوں جو واقعہ ہوا ہے، تو یہ جو واقعات اور اس قسم کے واقعات کہ آپ کے پورے ڈیپارٹمنٹ پہ حملہ ہونا ہو، آپ کے اندر آ کر آپ کے گھر کے اندر آ کر حملہ آور ہونا اور پھر اتنا بڑا نقصان کر دینا اور پھر ہم اس لکیر کو پیٹتے رہتے ہیں، سانپ گزر چکا ہوتا ہے اور لکیر کو پیٹ رہے ہوتے ہیں لیکن ہم وہ امن نہیں دے سکے، وہ خون آلود مستقبل ہم اپنے بچوں کو اور اس کو دے رہے ہیں، اس کو آج تک ہم پر امن نہیں بنا سکے ہیں اور ظاہر بات ہے کہ ہم جمہوری لحاظ سے اگر اپنے ملک کو استحکام نہیں دیں گے، اگر آپ اس حوالے سے، ہمارے اپنے کلچر کے حوالے سے کہہ دیں کہ اس علاقے کا یا ہمارے کے پی کے کا جرگہ ہال ہے یا جرگہ ہے جس کو ہم اسمبلی کہتے ہیں، اگر اس کو آپ تقویت نہیں دیں گے، اس کے فیصلوں پر عمل درآمد نہیں ہو گا تو پھر، اور یہ پبلک کی نمائندگی کا مقصد بنیادی یہ ہوتا ہے کہ یہ پبلک کے فیصلوں کی

Enrolment ہے اور ان پر عمل ہو ناتب جاکے آپ کسی نتائج تک پہنچ سکتے ہیں۔ پھر بہتر نتیجے آپ حاصل کر سکتے ہیں اگر آپ کے ملک میں عدم استحکام ہو گا جمہوری لحاظ سے تو پھر آپ وہ نتائج حاصل نہیں کر سکتے، لہذا ہمیں پہلے یہ دیکھنا ہو گا کہ ہم اپنی اسمبلیوں کو یہاں پہ فیصلے جو ہم کرتے ہیں، ان کو ہم کتنی اہمیت دیتے ہیں، اس پر کتنا ہم عمل کرتے ہیں؟ اگر اس پہ ہم سنجیدگی کے ساتھ، اگر ہم اس کو سمجھیں اور اس پر ہم عمل کر سکیں، کروا سکیں تو پھر تو آپ یہ سمجھیں کہ کسی نتیجے یا نتائج کی طرف یا وہ نتائج ہم اخذ کر سکتے ہیں، لیکن اگر ہم ایسا کر نہیں سکتے تو پھر نتائج کی توقع رکھنا، یہ پھر بڑی زیادتی ہو گی اور پھر اس حوالے سے کہ ہم تسلسل سے قربانیاں دیں، ہم اگر سیاسی لحاظ سے سکور کرتے ہیں تو پھر ہم یہ کہتے ہیں کہ جی پولیس کو ہم نے غیر سیاسی کر دیا، پورے پاکستان میں ہم واویلا مچاتے ہیں کہ جی آپ آئیں کے پی کی پولیس کو دیکھیں، کے پی میں دیکھیں، میں یہ کہنا چاہتا ہوں، میں اس حوالے سے نہیں کہنا چاہتا کہ میں کوئی تنقید کرنا چاہتا ہوں لیکن میں یہ بات کرنا چاہتا ہوں کہ حقائق تک بھی تو پہنچنا ہے نا، اصل حقائق کیا ہیں؟ کیا ہم عام آدمی کو جو متاثر ہوتا ہے، اس حوالے سے جس کو تکلیف ہے سب سے زیادہ اور وہی روندا جاتا ہے، کیا وہ سہولت وہ آسانیاں اس کیلئے ہم نے پیدا کی ہیں یا نہیں کہ اگر وہ عام آدمی اس تکلیف سے گزر رہا ہو اور وہ اس سے متاثر ہو رہا ہو، جس کا واویلا آپ پوری دنیا میں مچاتے ہیں کہ ہم نے بالکل سب کچھ ٹھیک کر دیا ہے، اور اگر وہ تھانے کے لیول پر عام آدمی کو وہ میسر نہ ہوں تو پھر اس کا کریڈٹ لینا میں سمجھتا ہوں کہ یہ بڑی زیادتی ہو گی، یہ بڑا ہی غلط ہو گا اور یہ سمجھنا کہ اس حوالے سے ہم نے سب کچھ ٹھیک کر دیا ہے، تو یہ اپنے آپ کو دھوکہ دینے کے برابر ہو گا اور اس کا کوئی مطلب نہیں ہو گا۔ سکندر خان صاحب نے بھی کہا کہ بڑی سنجیدگی سے لینا ہو گا اور اس پہ تسلسل کے ساتھ اس پہ ڈسکشن کرنا ہو گی کہ ہم نے جو کمیٹیاں بنائیں، ہم نے جو قانون سازی کی اور ہم نے جو پورے پاکستان لیول پہ، میں یہ ایک پارٹی کی بات نہیں کر رہا ہوں، تمام پارٹیاں اکٹھی ہو کر جو ہم نے مرکزی اسمبلی میں قانون سازی کی ہے اس دہشت گردی کے حوالے سے اور جو کچھ جمہوری دور میں جو زہر کا گھونٹ پینا تھا جمہوری لحاظ سے، وہ بھی تمام پارٹیوں نے قانون سازی کی، وہ زہر کا گھونٹ پیا اور میں نے تو ایسے ممبران کو بھی دیکھا کہ وہ جب ووٹ دے رہے تھے تو وہ رو رہے تھے اور وہ یہ سمجھتے تھے کہ

اگر جمہوری لحاظ سے یہ ووٹ دے رہے ہیں تو وہ یہ بہت بڑی ناانصافی اور بہت بڑی زیادتی جمہوری ادارے کے ساتھ اور جمہوری دور میں یہ زیادتی ہو گی لیکن اس کے باوجود ووٹ دیئے اور وہ ووٹ اسلئے دیئے کہ شاید ہم اس دہشت گردی کو ختم کر سکیں، شاید ہم امن کی طرف جا سکیں اور ہم امن قائم کر سکیں تو یہ ساری قربانیاں اور یہ ساری چیزیں اگر پارلیمنٹ سے اور ہم اپنے اداروں سے، ہم نے قانون سازی کی ہو اور پھر بھی ہم وہ نتائج حاصل نہ کر سکے ہوں، وہ جو ہم نے اس کیلئے کمیٹیاں بنائی ہیں، کیا ان میں کوئی کوتاہیاں ہیں، کیا ہمیں اس پر جو عملدرآمد کرنا چاہیئے تھا، اس حوالے سے ہماری کوتاہیاں ہیں؟ یہ سب کچھ آپ کو دیکھنا ہے اور ذمہ داری حکومت کی ہے، لاءاینڈ آرڈر سیچویشن کی ذمہ داری حکومت کی ہے اور یہی ہم Day one سے یہی چیختے رہے ہیں کہ ذمہ داری لاءاینڈ آرڈر سیچویشن کی حکومت کی ہے، چیف منسٹر کی ہے اور آپ جو کچھ قانون سازی پولیس کے حوالے سے کر رہے ہیں، کل کو آپ کو ہی جوابدہ ہونا ہو گا۔ یہاں آپ آئی جی کیلئے کرسی نہیں رکھ سکتے، آئی جی جو ہے یہاں اسمبلی میں جواب نہیں دے سکتا، لاءاینڈ آرڈر سیچویشن کے حوالے جواب حکومت کو ہی دینا ہو گا اور حکومت کا یہ کہنا کہ جی ہم تو ماوراء ہیں، ہم نے تو سارے اختیارات دے دیئے ہیں، ہماری تو سرے سے ذمہ داری ختم ہو گئی، ذمہ داری تو کسی بھی صورت آپ سے ختم نہیں ہو سکتی یہ آئینی ذمہ داری آپ پر ہے اور آپ نے وہ آئینی ذمہ داری جو ہے پوری کرنی ہے، آپ نے ہی جواب دینا ہے، آپ ہی اس کے ذمہ دار ہیں کہ اسمبلی میں کوئی ممبر بھی بات کرے، آپ کو اس کا جواب اس حوالے سے دینا ہے، اس حوالے سے نہیں دینا کہ آپ صرف واقعات کو Quote کر لیں اور اس کا جواب دیں کہ یہ کچھ ہوا یہ کچھ ہوا، نہیں نتائج کے طور پہ امن کی طرف لے جانا، یہ عملی طور پر جب آپ اس کی طرف جائیں گے تو جا کے آپ کی اسمبلی اور آپ کی اسمبلی کے ممبران مطمئن ہو سکتے ہیں، یہ ذمہ داری حکومت کی ہوتی ہے تو ہم آج کہاں پہ کھڑے ہیں؟ یعنی ہم اگر سوچیں کہ ہم کس جگہ پہ کھڑے ہیں، کیا ہم وہاں تک پہنچے ہیں جو کچھ ہم نے قربانیاں دی ہیں، وہ ہم نے حاصل کیا ہے یا ہم اسی جگہ پہ کھڑے ہیں جہاں سے ہم نے سٹارٹ لیا تھا تو پھر ہمیں دیکھنا ہو گا کہ ہمیں کرنا کیا ہے؟ آج ہم کس نہج پہ کھڑے ہیں اور ویسے بھی ہم سمجھتے ہیں کہ جمہوری دور اپنا ٹائم مدت پوری کرے، ہم یہ سمجھتے ہیں کہ الیکشنز ٹائم پہ ہونے چاہئیں، ٹائم

مدت بھی پوری ہونی چاہیئے اور الیکشنز بھی ٹائم پہ ہونے چاہئیں لیکن اگر ہمارے اپنے ہی ادارے، یہ جو ہماری ذمہ داری ہے اگر ہم اس کو پورا نہیں کریں گے تو ظاہر ہے اس کا سارا ملبہ بھی تو ہماری ہی پارٹیوں پر اور ہمارے ہی جمہوری اداروں پر آئے گا کہ یہ آپ کا کام تھا اور آپ نے پورا نہیں کیا اور یہ بھی اگر ہم اس تسلسل کو جاری نہیں رکھیں گے تو ہم دہشت گردی کا مقابلہ کس انداز میں کریں گے، ہم نے امن کیسے قائم کرنا ہے، لاء اینڈ آرڈر سیچویشن کیسے سنبھالنی ہے کہ ہم اس طرف جائیں کہ ہم عام آدمی کو امن دے سکیں، عام آدمی کی جو ہمارے اوپر ذمہ داری ہے، اس کو ہم نے کس انداز میں پورا کیا ہے؟ یہ ساری باتیں اپنی جگہ پر ہیں اور اس حوالے سے میں نہیں کہہ رہا ہوں، بیت المقدس کے حوالے سے ہمارا پورا پاکستان ایک پیج پر ہے اور پوری مسلمان دنیا ایک ہی اس پر ہے صف پہ ہے کہ جو کچھ فیصلہ امریکہ نے کیا ہے، اس کو واپس لینا چاہیئے اور ان شاءاللہ واپس ہو گا، جو پریشر ڈیویلپ ہو رہا ہے، ان شاء اللہ امید مجھے یہ ہے کہ وہ فیصلہ واپس لینا پڑے گا ان کو، جو زیادتی کی ہے پورے مسلمانوں کے ساتھ اور بظاہر اپنے آپ کو مسلمانوں کا دوست کہنا اور مسلمانوں کا خیر خواہ کہنا اور اس پر وار کرنا، اس حوالے سے یہ اس سے بڑی زیادتی ہو نہیں سکتی اور ہم یہی سمجھانے کی کوشش کرتے ہیں، چاہے اس فاٹا کے حوالے سے بات ہو رہی ہو، فاٹا کے Merger کے حوالے سے بات ہو رہی ہو، چاہے افغانستان کے حوالے سے، اس کی پالیسیوں کے حوالے سے بات ہو رہی ہو، تو مقصد بنیادی ہمارا یہ ہوتا ہے کہ ہمارا ملک وہ کہاں پہ جائے، ہمارے ملک کو فائدہ اور نقصان کیا ہو گا، ہم نے تو اپنے ملک کو فائدہ دینا ہے، اپنے ملک کے مفاد کے بارے میں سوچنا ہے، پورے مسلمانوں کے مفاد کے حوالے سے سوچنا ہے، تو ہم جب بات کرتے ہیں تو ہمارا مقصد بنیادی جو ہوتا ہے، وہ یہی ہوتا ہے کہ ہم نے پہلے اپنے ملک کا فائدہ دیکھنا ہے، مسلمانوں کا فائدہ دیکھنا ہے اور ہم کیا اپنا حصہ ڈال سکتے ہیں کہ جس سے ہم کو تاریخی طور پر یاد کیا جائے کہ واقعتاً انہوں نے جو فیصلے کئے تھے آج نتائج کے طور پر جو ہے، آگے مستقبل کے جو نتائج جو آرہے ہیں وہ کس انداز میں ہیں۔۔۔۔۔

Madam Deputy Speaker: Thank you very much, Maulana Sahib, Thank you very much.

قائد حزب اختلاف: تو بنیادی باتیں ہیں۔۔۔۔۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: جی۔

قائد حزب اختلاف: میں آخر میں ایک اور بات گورنمنٹ کو کرنا چاہتا ہوں۔ اس کے علاوہ دوسرے Colleague بھی ہیں، وہ بھی بات کریں گے اس لاء اینڈ آرڈر سیچویشن کے حوالے سے، وہ ڈی آئی خان میں بھی ایک مسئلہ پیدا ہوا لاء اینڈ آرڈر کے حوالے سے اور وہ ہے شوگر کین کے حوالے سے اور وہاں پر احتجاج ہو رہا ہے۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: 'سوری' مولانا صاحب، اس پہ ریزولیشن آ رہی ہے، اس پہ بھی اور۔۔۔۔۔

قائد حزب اختلاف: مجھے بس ایک بات اس حوالے سے کرنے دیں اور حکومت اس پہ توجہ نہیں دے رہی، فیڈرل گورنمنٹ نے ای سی سی میں بھی فیصلہ کیا ہے، سی سی آئی میں بھی فیصلہ کیا ہے اور دس روپے ستر پیسے ریٹ مقرر ہوا ہے، پانچ روپے پینتیس پیسے صوبائی حکومت نے دینے ہیں اور پانچ روپے پینتیس پیسے فیڈرل گورنمنٹ نے دینے ہیں، تمام صوبے دے رہے ہیں اور ہمارا صوبہ سرے سے ان کے ساتھ بیٹھنے کو تیار نہیں ہے، میٹنگ کرنے کو تیار نہیں ہے کہ ان کے ساتھ بیٹھے، نومبر گزر گیا، دسمبر سٹارٹ ہو رہا ہے، تو کیا ہمیں اپنے ہی زمیندار کو نقصان دینا ہے، اپنے ہی صوبے کو نقصان دینا ہے، اپنی ہی ایگریکلچر کو تباہ کرنا ہے؟ جس ضلع سے آپ کو گندم دیتا ہے، جو ضلع آپ کو شوگر کین کے حوالے سے کروڑوں روپے ٹیکس کے حوالے سے آپ کے پاس آتے ہیں، کیا ہم نے وہ سارا ختم کرنا ہے، اگر کسان کا گنا جو ہے وہ مل میں نہیں جائے گا تو وہ کیا کریں گے، جلائیں گے اس کو، آگ لگائیں گے؟ اور حکومت ان کے ساتھ بات کرنے کو تیار نہیں ہے تو حکومت کو چاہیئے کہ ان کے ساتھ سنجیدگی کے ساتھ بیٹھے جو پانچ روپے پینتیس پیسے کی سبسڈی دینی ہے حکومت کو وہ فوری طور پہ حل کرے تاکہ ملیں سٹارٹ ہوں کیونکہ مل نے تو نقصان پر کام کرنا نہیں ہے، تو لہذا وہاں پر بھی لاء اینڈ آرڈر سیچویشن پیدا ہو رہی ہے ڈی آئی خان میں، وہ ذمہ داری بھی تو حکومت کی ہے، اس کو پورا کرنا تو ہر لحاظ سے حکومت اس حوالے سے وہ اس پہ میٹنگ بھی کرے، فیصلہ بھی فوری طور پر کرے تاکہ مل چالو ہوں اور وہ جو پورے اس ضلعے میں ایک خلفشار مچا ہوا ہے، وہ ختم ہو اور کسان کو سہولت ملے، آسانی ملے، وہ جو رو رہے ہیں، ان کے رونے کا کوئی مداوا ہو سکے۔

Madam Deputy Speaker: Thank you very much, Maulana Sahib.

قائد حزب اختلاف: تو میڈم سپیکر! یہ بہت ضروری اور اہم موضوع تھا جس پہ ہم بات کر رہے ہیں اور اس کو سنجیدگی سے لینا یہ انتہائی ضروری ہے، چاہے ہم نے اپنی کمیٹیاں بنائیں اس حوالے سے کریں، اسپیکس کی کمیٹی بنائی ہے اس حوالے سے، کیا ہم نے اس پہ عمل کیا ہے کہ نہیں کیا ہے؟ ہمیں اسمبلی میں اس پہ کچھ بات کرنی ہے، اسمبلی کے سامنے کچھ اپنی مشکلات اور تکالیف رکھنی ہے تو ہم اس پہ ڈسکشن کر سکتے ہیں لیکن کرنا ہم نے، ہے ذمہ داری ہماری ہے بہر حال ہے چاہے کوئی اپنی ذمہ داری سے منہ موڑے لیکن ذمہ داری ہماری ہے اور پوری قوم کی ذمہ داری ہمارے اوپر ہے۔ بہت بہت شکریہ جناب۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: تھینک یو ویری مچ، مولانا صاحب لیڈر آف دی اپوزیشن، آپ نے جو دو باتیں کی ہیں، Already وہ ایجنڈا پہ ہیں۔ وہ آئیں گی، وہ آئیں گی، وہ Crushing of the sugar cane وہ بھی آئے گا اور بیت المقدس کا بھی آئے گا، وہ ریزولیوشن بھی آنے والی ہے۔ Ji,I just want to announce that SSP Operation Sajjad Khan is here,thank you very much for coming.Muhammad Ali Abbas Additional Secretary,Gome is here as well. جی نگہت بی بی، پھر جو ہے تو شاہ فرمان صاحب اور شوکت صاحب جواب دیں گے، آپ دونوں، جی آپ کے بعد۔

محترمہ نگہت اورکزئی: شکریہ میڈم سپیکر صاحبہ! اداروں کو مضبوط کرنے کا یہی رویہ ہوتا ہے جیسا کہ آج آپ نے اپنایا اور آپ کے کہنے پہ فوراً ادارے حرکت میں آئے اور گیلریز میں بیٹھے۔ میڈم سپیکر صاحبہ! یہی رویہ جمہوریت کا بھی ہوتا ہے کہ ادارے وہ پارلیمنٹ سے بالاتر نہیں ہوتے، بہر حال میں اپنی بات اس حوالے سے کہ دہشت گردی کا رجحان جو بڑھ گیا ہے، میں اس میں آنا چاہوں گی۔ اس سے پہلے میڈم سپیکر صاحبہ! قرآن کی ایک آیت ہے کہ "اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ ۭ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا"، اور اس میں اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں قرآن مجید میں کہ اللہ اور اس کے فرشتے رسول ﷺ پر درود و سلامتی ہمیشہ پیش کرتے ہیں تو اے جو ایمان والو، آپ بھی ہمیشہ درود اور سلامتی بھیجیں۔ یہ آیت پڑھنے کا مقصد یہ ہے کہ میں اس کو کچھ واقعات کے ساتھ باندھنا چاہتی ہوں کیونکہ یہاں پہ کفر کے فتوے لگانا بہت آسان ہو جاتا ہے کہ یہ مسلمان

نہیں ہیں، ان کو سنگسار کر دو، میڈم سپیکر صاحبہ! اگر آپ دیکھیں تو وہ جماعتیں جن کو کہ حکومتBan کر چکی ہے اور جب وہ چوراہوں پہ بیٹھ کے ہماری افواج پاکستان اور ہمارے پولیس والوں کے ساتھ زیادتی کرتے ہیں، جو بہت زیادتی کرتے ہیں، میں نے اسی لئے یہ آیت پڑھی تاکہ کسی کو شک نہ رہے کیونکہ یہاں فتوے جو ہیں وہ بہت جلدی لگ جاتے ہیں لیکن ان لوگوں نے جو گالی گلوچ استعمال کی، میرا خیال ہے کہ وہ گالی گلوچ کسی عالم یا کسی مولوی یا کسی مفتی کو زیب نہیں دیتی، میڈم سپیکر صاحبہ! میں سمجھتی ہوں کہ جب دہشت گردی کی لہر اٹھتی ہے تو اس کے پیچھے بہت سے محرکات ہوتے ہیں، محرکات یہ ہوتے ہیں کہ فیڈرل گورنمنٹ، میں زیادہ تر گلہ فیڈرل گورنمنٹ سے کروں گی کہ جب وہ جماعتیں جن کو کوئی وجوہات کی وجہ سے Ban کر دیا جاتا ہے، وہی جماعتیں جب نئے سرے سے دوبارہ وجود میں آتی ہیں اور جب دھرنے دیتی ہیں اور جب لوگوں کو تشدد کی طرف بڑھاتی ہیں، تو کیا ہمارے ادارے ہماری فیڈرل گورنمنٹ، کیا ان کو یہ پتہ نہیں ہوتا ہے کہ یہ جماعتیںBan ہو چکی ہیں اور یہ دوسرے ناموں پہ ابھی اپنی سیاست چمکانے کیلئے دھرنے اور یہ دے رہی ہیں؟ میڈم سپیکر صاحبہ! پھر اس میں آجاتی ہیں ہماری وہ قوتیں کہ ہم ان قوتوں کے ساتھ بیٹھتے ہیں، چاہے وہ ہم ہیں، چاہے وہ دوسری جماعتیں ہیں، چاہے وہ تیسری جماعتیں ہیں، ہم ان جماعتوں کے ساتھ بیٹھتے ہیں اور ان عالموں کے ساتھ بیٹھتے ہیں اور ان کے ساتھ اتحاد کرتے ہیں میڈم سپیکر صاحبہ! اور میرا واضح اشارہ جو ہے مولانا سمیع الحق کی ایک ایسی تقریر کی جانب ہے کہ جس میں وہ فرماتے ہیں کہ طالبان میری اولاد ہیں اور وہ اپنی آزادی کی جنگ لڑ رہے ہیں، میڈم سپیکر صاحبہ! سب سے پہلے تو مذہبی جماعتیں جنہوں نے فتوے دے دیئے ہیں، کہ میں ان طالبان کی قدر کرتی ہوں کہ جو قرآن مجید جو فقہ تفسیر، اس کو میں طالب کہتی ہوں لیکن جب ایک طالب اپنے جسم کے ساتھ جیکٹ باندھ لیتا ہے اور وہ ہماری افواج، ہماری فورسز ہمارے ادارے، ہمارے معصوم شہری، ان لوگوں پر جب جا کر پڑتے ہیں تو ایک کے بجائے ہزاروں گھر اجڑتے ہیں، میڈم سپیکر صاحبہ! اگر ایک شخص طالبان کو اپنی اولادیں کہتا ہے تو پھر ایک باپ کی ذمہ داری ہے اور ان اداروں کی ذمہ داری ہے کہ وہ ایک باپ سے پوچھیں کہ تمھاری اولادوں کا شجرہ نسب کہاں پہ ہے؟ تم اپنی تمام اولادوں کا شجرہ نسب ہمارے حوالے کرو، میڈم سپیکر! اب یہ شف شف کی

بات نہیں ہے کہ میں شف شف کی بات کروں گی اور شفتالو اس کو نہیں کہوں گی، میڈم سپیکر! میرے ادارے کہاں ہیں؟ میں ان اداروں سے پوچھنا چاہتی ہوں کہ جب ایک شخص اتنی بڑیStatement دیتا ہے، کیا اس کی نظر میں طالبان اور دہشتگرد ایک نہیں ہیں؟ میں نے بتادیا ہے کہ میری Definition جو طالب کے بارے میں ہے، وہ یہ ہے کہ وہ قرآن کیلئے چلتا ہے، وہ قرآن کو حفظ کرتا ہے، وہ قرآن کو سینے میں اتارتا ہے، وہ قرآن کی تفسیر لوگوں کو بتاتا ہے، وہ انسانیت کا سبق دیتا ہے، وہ اپنے قرآن، حدیث اور فقہ اور ان تمام چیزوں کے ذریعے وہ انسانیت کا درس دیتا ہے، وہ اپنے ہاتھ میں کلاشنکوف اور اپنے بدن پہ جیکٹس نہیں باندھتا۔ میڈم سپیکر صاحبہ! یہ وہ چھوٹی چھوٹی باتیں ہیں جن کو ہم مصلحتاً اس ہاؤس میں بات کرنے سے گریز کرتے ہیں کہ ہمیں کہیں اڑا نہیں دیا جائے، موت ایک دن آنی ہے اور موت کا ایک دن معین ہے جو قبر میں اگر میری رات ہوگی تو وہ باہر نہیں ہوگی اور جو میری گھر میں رات ہوگی وہ قبر میں نہیں ہوگی لیکن اب وقت آگیا ہے کہ ان تمام چیزوں کو ہم اجاگر کریں، ہمیں اب اچھے لوگوں کی اور برے طالبان اور اچھے طالبان، یہ ختم ہیں، طالبان جو دہشتگردی کرتے ہیں وہ دہشتگرد طالبان ہیں اور اس کیلئے میں سمجھتی ہوں کہ ہمارے اداروں کو اس پہ کام کرنا چاہیئے، ہمارے اداروں کو ان سے پوچھنا چاہیئے کہ وہ کس کی آزادی کی جنگ لڑ رہے ہیں؟ لڑائی تو وہ تھی جو 1947 ہو چکی، لڑائی تو وہ تھی جو اس ملک کو "لا إله إلا الله محمد رسول الله" کے نام پہ ہم نے حاصل کر لیا، لڑائی تو وہ تھی کہ جو دو قومی نظریہ پر ہمارا پاکستان بن گیا، اب کس سے لڑائی ہے، کیا ایجوکیشن سے لڑائی ہے، کیا ہیلتھ سے لڑائی ہے، کیا پختون سے لڑائی ہے، کیا پاکستان سے لڑائی ہے اور کس قسم کی آزادی کی وہ جنگ لڑ رہے ہیں اور کس قسم کی وہ آزادی چاہتے ہیں؟ اس ہاؤس میں اب اس چیز کو واضح کر دینا چاہیئے اور اس کا ہمیں جواب ملنا چاہیئے کہ وہ طالبان جو آزادی کی جنگ لڑ رہے ہیں، کیا میری فورسز کو مار کے ان سے آزادی حاصل کرنا چاہتے ہیں، کیا وہ میرے اداروں کے ساتھ جنگ لڑ کر، کیا وہ میرے اداروں کے ساتھ آزادی کی جنگ لڑنا چاہتے ہیں، کیا وہ میری اس اسمبلی، پارلیمنٹ، سینیٹ، سیاستدانوں، تمام پارٹیوں کے سیاستدانوں، ان کے ورکروں، میرے معصوم شہریوں، میرے پختونوں، کیا انکے ساتھ آزادی کی جنگ لڑ رہے ہیں؟ تو اس بات کا فیصلہ میڈم سپیکر! ضرور ہونا چاہیئے اور پھر میں

آتی ہوں اس انسٹی ٹیوٹ کی طرف کہ جہاں پہ یہ حادثہ ہوا۔ میڈم سپیکر! ہم بہت زیادہ خوش ہیں، ہم نے بڑی جے جے کار کی، ہماری پولیس نے بہت اچھا کام کیا، بیشک انہوں نے بہت اچھا کام کیا، میڈم سپیکر! ہمارے تو ایسے بھی جوان گزرے ہیں، ایسے بھی پولیس آفیسر گزرے ہیں کہ جنہوں نے جا کر جیکٹ سمیت جو ہے، صفت غیور کو دیکھ لیں اس کے علاوہ ملک سعد شہید کو دیکھ لیں، میں ان تمام شہداء کو سلام پیش کرتی ہوں اور ان کے جو پیچھے رہ گئے ہیں، ان کیلئے دعا گو ہوں اور میں سجاد صاحب کو بھی بہت Appreciate کرتی ہوں کہ بروقت پہنچے لیکن کیا یہ کوئی مجھے بتائے گا کہ وہاں پہ جو سولہ کیمرے لگے ہوئے تھے، وہ اس وقت کام کیوں نہیں کر رہے تھے، کیا کوئی مجھے بتائے گا کہ اس سے کوئی بھی ایک ایسی رپورٹ وہ ہم سے شیئر کیوں نہیں کی جاتی؟ یہاں پر بیٹھا ہوا ہر شخص لاکھوں لوگوں کا نمائندہ ہے، ان لوگوں کے ساتھ وہ بات شیئر کیوں نہیں کی جاتی؟ آج تک اکرام اللہ گنڈا پور کی شہادت کی جو رپورٹ ہے، وہ منظر عام پر کیوں نہیں آئی (شور/آوازیں) اسرار اللہ گنڈا پور۔ اسرار اللہ، سوری، اللہ تعالیٰ اکرام اللہ صاحب کو بہت زندگی دے، اسرار اللہ گنڈا پور صاحب جو شہید ہوئے آج تک جے آئی ٹی (JIT) کی رپورٹ ہمارے سامنے پیش نہیں کی گئی کہ ہمارا قابل ترین ایک ایسا سیاستدان کہ جو صدیوں میں پیدا ہوتا ہے، اس کو کیسے شہید کیا گیا، کس وجہ سے شہید کیا گیا، اس کا کیا قصور تھا؟ میڈم سپیکر! اب یہ تمام عوامل جو ہیں وہ ہمارے سامنے اور ہماری قوم کے سامنے رکھ دینے چاہئیں کہ ہمارے ساتھ کیا ہو رہا ہے اور ہم جو ہیں، ہم کس کے ساتھ آزادی کی جنگ لڑ رہے ہیں؟ میڈم سپیکر صاحبہ! آپ کا بہت شکریہ کہ آپ نے مجھے ٹائم دیا لیکن جناب سپیکر صاحبہ! ایک اور بات ضرور کہتی چلی جاؤں گی کہ ٹرمپ کا جو فیصلہ ہے، اس کو ہم جوتی کی نوک پہ بھی نہیں رکھتے ہیں، اگر اس نے اسرائیل کو دہشتگردی کا ایک سرٹیفیکیٹ دے دیا ہے تاکہ اس خطے میں دہشتگردی ہوتی رہے تو وہ اس جنونی پاگل صدر ٹرمپ نے اس کے اس فیصلے کو اور تمام مسلمان اس فیصلے کو اپنی جوتی کی نوک پہ رکھتے ہیں کیونکہ یہ ہمارا قبلہ اول ہے اور قبلہ اول کبھی بھی اسرائیل کا دارالخلافہ نہیں بن سکتا۔ بہت شکریہ، میڈم سپیکر صاحبہ۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: تھینک یو۔ اچھا جی۔ بابک صاحب، بابک صاحب! I will give you time, I will give you Floor شوکت لہ ورکوم Then I will come back to you

then to Shah Farman, Shaukat sahib, then Babak Sahib and then Shah Farman at the end.

جناب شوکت علی یوسفزئی (پارلیمانی سیکرٹری): بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ شکریہ میڈم سپیکر صاحبہ! جتنے بھی ہمارے دوستوں نے باتیں کی ہیں، یقیناً دونوں حساس ایشوز ہیں، چاہے وہ ہمارے صوبے کا ایشو ہے یا جو انٹرنیشنل ایشو ہے، دونوں ایسے ہیں جو Directly اس سے ہم Suffer بھی ہو رہے ہیں، ہمارے جذبات بھی مجروح ہو رہے ہیں لیکن میڈم سپیکر! یہ جو صوبے کے امن وامان کا جہاں تک تعلق ہے تو اس پہ آپ یہ بھی دیکھیں کہ یہ صرف ایک صوبے کا ایشو نہیں ہے، یہ Internationally آپ اس کو دیکھیں Regional basis پر بھی آپ دیکھیں تو یہ بیس پچیس سالوں سے چلا آرہا ہے۔ یہ صوبہ اس نے بڑی قربانیاں دی ہیں اس کی پولیس فورسز نے بھی دی ہیں، عوام نے بھی قربانیاں دی ہیں، میرے خیال سے ہماری جو افواج پاکستان ہیں، وہ بھی قربانیاں دے رہی ہیں لیکن یہ ایشو ہم سمجھتے ہیں کہ شاید کوئی حکومت چینج ہو جائے تو ایشو ختم ہو جائے گا، شاید لوگوں کا یہ خیال تھا کہ دہشتگردی ختم ہو گئی گو کہ اس حکومت نے جو اقدامات کرنے تھے، اپنے طور پہ پولیس کو اختیار دینا پولیس کو تربیت دینا جو انٹیلی جنس ادارے ہیں، ان کے درمیان کو آرڈینیشن کرنا جو صوبائی حکومت کے بس میں تھا میرے خیال سے اس سے زیادہ وسائل بھی دیئے اختیارات بھی دیئے اور اللہ کے فضل و کرم سے اس کے رزلٹس بھی آپ کے سامنے ہیں۔ میڈم نے جو سجاد صاحب کی بات کی، میرے خیال سے اس طرح کے لوگ اس وقت ان کا جذبہ آپ دیکھیں کہ ایک طرف پتہ چلتا ہے کہ اس میں جان دینی ہے اور ہماری پولیس نے وہاں پہ، ٹھیک ہے اٹیک ہوا لیکن وہاں پہ انہوں نے جو جذبہ دیکھایا اس سے ایک ایک پولیس فورس نظر آرہی ہے کہ اس صوبے میں فورس ہے، دہشتگردی ختم نہیں ہوئی، کسی کا اگر یہ خیال ہے کہ دہشتگردی ختم ہو گئی اور اچانک دوبارہ لہر شروع ہوئی، جب تک افغانستان کے اندر انڈیا موجود ہے اور جب تک وہ وہاں سے سازشیں کر رہا ہے اور آپ کو پتہ ہے کہ آپ کا دشمن افغانستان کے اندر بیٹھ کر آپ کیلئے پلان کر رہا ہے تو دو قسم کی حکمت عملی ہو گی نا میڈم! ایک وہ جو ہماری فورسز کر رہی ہیں، ایک وہ حکمت عملی جو دہشتگرد کریں گے، آپ ایک Soft corner، Soft وہ ٹارگٹ کو وہ دیکھیں گے اور اس Soft target کی طرف جائیں گے، یہ ایشو بہت اچھا ہے کہ

آپ اس پہ ڈیبیٹ کر رہے ہیں، اس پر بات کر رہے ہیں لیکن یکسر اگر ہم یہ کہیں کہ کچھ بھی نہیں ہو رہا ہے تو اس پولیس فورس کے ساتھ زیادتی ہو گی جو قربانیاں دے رہی ہے۔ آپ دیکھیں کہ آپ کو اس کا پتہ نہیں چلتا ہے کہ دس یا گیارہ حملے یہ روک دیتے ہیں، ایک کہیں Slip ہو جائے اس کا ہمارے سامنے آ جاتا ہے، ہم سمجھتے ہیں کچھ بھی نہیں ہو رہا تو یہ اس طرح جو دیکھیں بار بار کہہ رہے ہیں اور میرے خیال سے ہم سے پہلے جو حکومت تھی، کیا ان کی خواہش تھی کہ وہاں دھماکے ہوں؟ کبھی بھی نہیں، کیا ان کی خواہش تھی کہ اس طرح کے حالات پیدا ہوں، انہوں نے بھی ڈیمانڈ کیا تھا، اگر آپ کو یاد ہے ہماری جو فرنٹیئر کانسٹیبلری ہے، یہ دس پندرہ سالوں سے ڈیمانڈ ہو رہا ہے اس اسمبلی میں بھی، اس اسمبلی سے باہر بھی تمام حکومتیں ڈیمانڈ کر رہی ہیں، آپ کو پتہ ہے کہ جو فاٹا اور سیٹلڈ ایریا کے بیچ میں جو فورس ہوتی تھی، اس کو ایف سی کہا جاتا تھا، کہاں ہے وہ ایف سی، وہ کہیں اسلام آباد اور کراچی میں ان کو چوکیداری پہ لگا یا دیا گیا ہے جبکہ یہاں دہشتگردی کی جنگ ہم لڑ رہے ہیں، یہ صوبہ فرنٹ لائن ہے، پھر یہ خیبر پختونخوا میں پشاور فرنٹ لائن ہے، تو جب تک آپ فاٹا کو Secure نہیں کریں گے، آپ کی چودہ سو کلومیٹر باؤنڈری کھلی پڑی ہے افغانستان کے ساتھ، وہاں سے آنا جانا آپ جتنا بھی روکیں لیکن ہو رہا ہے، جب وہاں سے انٹر ہو جائے تو فاٹا کے ساتھ تو ہمارے تعلقات ہیں، فاٹا کے ساتھ ہمارے روزانہ کی بنیاد پر ہزاروں لوگ، لاکھوں لوگ آتے جاتے ہیں، اب کس کس کو روکیں گے؟ تو یہ جو ہم ڈیمانڈ کر رہے ہیں کہ فاٹا کا انضمام کیا جائے تو کچھ ہمارے دوست کہتے ہیں 'نہیں' تو جب تک آپ سول ایڈمنسٹریشن وہاں Extend نہیں کریں گے تو یہ ذمہ داری کس پر ڈالیں گے آپ، کون ذمہ دار ہو گا، کہ کیا فاٹا میں کوئی بھی دہشتگرد وہاں نہیں داخل ہو سکتا، اس کی ذمہ داری کون لے گا؟ ہماری پولیس فورس تو ڈبل لڑائی کر رہی ہے، ایک لڑائی یہ کہ اپنے صوبے کو صاف کر رہی ہے، نیشنل ایکشن پلان پہ اگر عمل ہوا ہے تو اس صوبے میں ہوا ہے، کتنی گرفتاریاں روزانہ ہوتی ہیں، سی ٹی ڈی آپ چلیں جائیں، آپ کو پتہ چلے کہ کتنی گرفتاریاں ہو رہی ہیں لیکن میڈم سپیکر! Again وہی بات آ جاتی ہے، اب پالیسیاں تو چینج نہیں کر سکتا ایک صوبہ، یہ چھوٹا سا صوبہ ہے، جب تک آپ پالیسیاں اپنی نہیں بدلیں گے، جب اوپر کے لیول پہ آپ پورے سیکیورٹی کے نظام کو چینج نہیں کریں گے، آپ اس صوبے کو

حوالے کر کے، آج اگر یہ صوبہ کام نہ کرتا تو یہاں سے لوگ جا کے پنجاب میں دھماکے کرتے ہیں، دیکھیں! یہ فورس ہے ہماری جو ڈیوٹی رہتی ہے جو ان کو موقع ہی نہیں دیتی کہ وہ یہاں سرحد پار کر سکیں۔ یہ ذمہ ہے، یہی ہم Expect کرتے ہیں کہ ایسی فورس وہاں پر بھی موجود ہو کہ فاٹا سے یہاں انٹر نہ ہوں، ہماری فورس ایک طرف ہو، وہ صورتحال کنٹرول کرتی ہے، دوسرا اپنے صوبے کو کنٹرول کرتی ہے اور چونکہ میرے دوستوں نے کہا کہ اغواء برائے تاوان میں اضافہ ہوا ہے، اگر آپ میرے خیال سے، میں چاہوں گا کہ آپ پوری ڈیٹیل منگوا لیں کہ دو تین سال یا چار سال پہلے کیا صورتحال تھی اور اب کیا صورتحال ہے؟ میں اپنی پولیس فورس کو اس پہ شاباش بھی دوں گا اور ان کو Encourage کروں گا کہ انہوں نے اس طرح کا انتظام کیا ہے، ایسا نظام بنایا ہے کہ کافی حد تک میں یہ نہیں کہوں گا کہ Hundred percent کیونکہ ہم دہشتگردی کے شکار صوبے میں رہ رہے ہیں تو Hundred percent تو نہیں، کافی حد تک کمی آگئی ہے اور جو لوگ بھاگ گئے تھے، باہر اپنے کاروبار لے کر گئے تھے، واپس آرہے ہیں، ان کا اعتماد بحال ہو رہا ہے۔ تو یہ چند ایک گزارشات تھیں میری، میڈم سپیکر! میں اس سے اتفاق کرتا ہوں کہ جو شیر پاؤ صاحب نے کہا کہ پولیٹیکل لیڈرشپ اور علماء ان کو بالکل مل بیٹھ کے حل تلاش کرنا ہو گا، اگر ہم ایک دوسرے پر انگلیاں اٹھائیں گے، اگر ہم یہاں پر صرف یہ کہیں گے کہ جی حکومت ناکام ہو گئی تو یہ تو ہم سب کی ناکامی ہو گی پھر، ہمیں اس دہشتگردی کے خلاف کھڑا ہونا ہو گا اور ہمیں بھی اپنی ایک حکمت عملی بنانی ہو گی اور جتنی پولیٹیکل فورسز ہیں، جتنے ہمارے علمائے کرام ہیں، ان کا بہت بڑا Role ہے، تو میں چاہوں گا کیونکہ پچھلے دنوں اس خواہش کا اظہار ہمارے وزیر اعلیٰ صاحب نے بھی کیا ہے کہ ہم چاہتے ہیں کہ تمام جتنے بھی کیونکہ یہ مشکل صرف حکومت کی نہیں ہے میڈم! اس میں جو بھی مر رہا ہے، ہمارے بچے مر رہے ہیں، یہ وزیر اعلیٰ صاحب کی خواہش ہے اور ہو سکتا ہے کہ شاہ فرمان صاحب اس کا ڈیٹ اناؤنس کرے یہ ان کی خواہش تھی کہ جتنی ہماری پولیٹیکل لیڈرشپ ہے اور علماء ہیں، ہم ان کو ایک صف میں بیٹھا کے، ہم بیٹھ کے اپنے اس ایشو کو دوبارہ Synthisize کریں اور اس میں جو ممکنات ہو سکیں، اس میں ایک دوسرے سے تعاون کریں۔ اگر میں کہوں گا کہ جی فیڈرل گورنمنٹ ناکام ہوئی، فیڈرل گورنمنٹ کہے کہ صوبہ ناکام ہوا تو اس سے

دہشت گردی ختم نہیں ہو گی، اس سے ہمیں مشکلات جو اس وقت ہمیں سامنے نظر آ رہی ہیں، جو مشکل ہمیں پیش ہے، اس میں مل بیٹھ کر اس مشکل کا حل تلاش کرنا پڑے گا۔ یہ صرف اس پہ نہیں ہو گا کہ ہم تنقید کریں، ہمیں حل ضرور بتانا ہو گا۔ فورس موجود ہے، پاکستان کی نمبر ون افواج موجود ہیں تو میرے خیال سے اس موجودگی میں یہ کوئی یمن یا کوئی ایسا چھوٹا موٹا ملک نہیں ہے، یہ اللہ کے فضل و کرم سے ایک مضبوط فوج کا ملک ہے۔ یہ ایٹمی طاقت ملک ہے، اس میں ہمیں صرف اپنی حکمت عملی اور ایک مشترکہ جو وہ ہے بنانا پڑے گا۔ میڈم! اگر آپ دوبارہ مجھے موقع نہیں دیتی ہو اس پہ تو میں ضرور بات کروں گا کہ جو بیت المقدس کو جو اسرائیلی دارالخلافہ ڈیکلیئر کیا جانا ہے اور جو امریکہ چاہتا ہے کہ وہ وہاں پہ اپنا سفارتخانہ بنائے تو میڈم! یہ میں سمجھتا ہوں، ہم تو اس لئے کہتے ہیں کہ ٹرمپ کوئی بیوقوف سا آیا ہوا ہے، ہم سمجھتے ہیں کہ ٹرمپ سمجھتا نہیں ہے، یہ جو انٹرنیشنل وہ ہے اس کو، لیکن میڈم! یہ اس طرح نہیں ہے، امریکہ کے عوام پڑھے لکھے لوگ ہیں، انہوں نے ٹرمپ کو ووٹ دیا ہے اور ٹرمپ کو ووٹ دیا ہے تو یہ ہمیں پتہ چلتا ہے کہ امریکہ چاہتا ہے۔ امریکی سوچ کیا ہے؟ وہ سوچ ہمیں ٹرمپ میں نظر آ رہی ہے اور وہ اس وقت جو آپ Internationally اگر دیکھیں، جو اس وقت دہشت گردی، انتہا پسندی کی جو ایک لہر دوڑی ہے، یہ اس میں اضافہ کی ایک کوشش ہے اور یہ ٹرمپ چاہتا ہے کہ دنیا کے اندر دہشت گردی بڑھے اور جو اس وقت اسلامی ملکوں کو Divide کیا گیا، جو اسلامی ملکوں کو ایک دوسرے کے خلاف کھڑا کیا گیا، ان کی کمزوری کو دیکھ کر آج وہ ٹرمپ جو کر رہا ہے، یہ اس کا خمیازہ بھگتنا پڑے گا اس کو کیونکہ دیکھیں، عالم اسلام کے خلاف میں اس کو ایک اعلان جنگ سمجھتا ہوں اس کی طرف سے، یہ جتنے بھی اسلامی ملک ہیں، اللہ کرے کہ ٹرمپ کے اس واقعے سے وہ متحد ہو جائیں، اس وقت او آئی سی بالکل ایک ایسا پرزہ بن چکا ہے جس کا کم از کم مسلمانوں کو کوئی فائدہ نہیں ہے، ہم سے ترکی اچھا ہے کہ اس نے او آئی سی کا اجلاس بھی بلا لیا، اسلامی ملکوں کو بھی بلا لیا تو میرے خیال سے پاکستان کو ایک Leading role ادا کرنا پڑے گا اسلئے کہ چاہے کشمیر کا ایشو ہے، چاہے فلسطین کا ایشو ہے، ہمیشہ پاکستان بولتا ہے، چاہے افغانستان کا ایشو ہے، پاکستان نے ہمیشہ ان ایشوز کو سپورٹ کیا ہے اور ان کی حمایت کی ہے لیکن آج بدقسمتی سے میں دیکھ رہا ہوں کہ ہمارے

سفارتی طور پر صرف ایک قرارداد قومی اسمبلی میں پیش کرنے سے مسئلہ نہیں ہوگا، ایک Leading role کے طور پر جو بدقسمتی سے مجھے نظر نہیں آرہا ہے کہ Leading role پاکستان کو ادا کرنا چاہیئے کیونکہ میں نے جیسے آپ کو کہا کہ مضبوط فوج پاکستان کے پاس ہے، ایک مضبوط ملک ہے، ایٹمی ملک ہے، اگر امریکہ کچھ کر رہا ہے تو صرف یہاں بیان داغنے سے مسئلہ حل نہیں ہوگا، تمام اسلامی ملکوں کو اکٹھا کیا جائے، ایک وقت تھا جب ذوالفقار علی بھٹو نے سن 74ء میں تمام اسلامی ملکوں کا ایک بلاک بنایا تھا، آج بھی وہ بلاک بن سکتا ہے اسلئے کہ اس سے زیادہ خطرناک حالات کا ہمیں سامنا کرنا پڑ رہا ہے اور اس سے زیادہ مسلمانوں کو Threats ہیں تو یہ Threats ہم اپنی Opportunity میں بدل سکتے ہیں، ان Threats کو ہم اپنے Strength میں بدل سکتے ہیں، جتنے ہمارے اختلافات ہیں اسلامی ملکوں کے ساتھ وہ ہم ختم کر سکتے ہیں، تو میڈم سپیکر! میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔

<u>Madam Deputy Speaker:</u> Thank you very much.Ji,Babak Sahib.

<u>جناب سردار حسین:</u> شکریہ میڈم سپیکر! آپ کا شکریہ بھی ادا کرتے ہیں کہ آج کے دن آپ نے ایجنڈے پہ اس صوبہ میں جو لاء اینڈ آرڈر کی سیچویشن ہے، آپ نے ایجنڈے پہ رکھی ہوئی ہے۔ مجھ سے پہلے ہمارے ساتھیوں نے اس پہ بات کر لی ہے اور حقیقتاً امن وامان کے حوالے سے یہ صورتحال انتہائی افسوسناک ہے۔ جب ہم دیکھتے ہیں کہ آرمی پبلک سکول، باچاخان یونیورسٹی سے ہوتے ہوئے یہ جو زرعی یونیورسٹی انسٹیٹیوٹ پہ جو حملہ تھا، انتہائی افسوسناک واقعات ہیں سارے اور ہم نے پہلے بھی مطالبہ کیا تھا کہ جوڈیشل انکوائریز ہونی چاہئیں، آج تک اگر دیکھا جائے آرمی پبلک سکول کے Parents صرف اسی لئے احتجاجیں کر رہے ہیں کہ یہ جو رپورٹ سامنے نہیں آرہی، تو یہ پھر انتہائی افسوسناک ہے۔ اسی طرح زرعی انسٹیٹیوٹ کیلئے بھی ہم یہ ڈیمانڈ کرتے ہیں، مطالبہ کرتے ہیں کہ جوڈیشل انکوائری ہو اور ابھی ابھی ظاہر ہے واقعے کے بعد خبریں آرہی ہیں کہ ساڑھے سات بجے صبح Militants کا انسٹیٹیوٹ کے اندر داخل ہونا اور پھر یہ بتایا جائے کہ سیکورٹی فورسز کتنی دیر میں وہاں پر پہنچی ہیں، جب ہم اس ویڈیو کو دیکھتے ہیں تو ایسا لگ رہا ہے کہ بالکل پروٹوکول کے ساتھ اندر گئے ہیں۔ سیکنڈ کو سچن، یہ جو انسٹیٹیوٹ ہے، Back side کا جو گیٹ تھا، دو دن پہلے یہ جو Exit gate تھا Exit، اور یہ جو انکوائری کمیٹی

بنے گی ان کی آسانی کیلئے بھی یہ سوالات رکھتے ہیں کہ اسی گیٹ کو کس نے بند کیا تھا؟ میڈم سپیکر! ظاہر ہے، ہمارے صوبے کی جو پولیس ہے وہ آج کی نہیں کب کی ہے، انتہائی دلیرانہ انداز میں اور انتہائی بہادری کے ساتھ انہوں نے دہشت گردی کا مقابلہ کیا ہے، اپنے سروں کی قیمت پر اور میرے خیال میں تمام سیکورٹی فورسز کو اور جب ہم دہشت گردی کی اس لہر میں پولیس کی بات کرتے ہیں، وہ صرف اسی لئے کہ Logistically یہ لوگ کمزور رہتے ہیں باقی سیکورٹی فورسز کے ساتھ Compare جب ہم کرتے ہیں، ظاہر ہے وہ بھی ایک وقت تھا جب فاٹا میں 'ضرب عضب' اور 'ردالفساد' نہیں تھا آپریشن، پشاور میں صبح شام دوپہر کو دھماکے ہوتے تھے، سو سو لاشیں بھی یہاں کے لوگوں نے اٹھائی ہیں، ایک ایک ناکے پہ سات سات اور دس دس پولیس جو ہمارے جوان ہیں، وہ شہید ہو گئے ہیں، وہ بھی ایک وقت تھا۔ میں نے پہلے بھی یہاں بھی یہ ریکویسٹ کی تھی اور یہ ڈیمانڈ بھی کیا تھا کہ صوبائی حکومت کو 'ضرب عضب' اور 'ردالفساد' سے فائدہ اٹھانا چاہیئے تھا جو ہم دیکھ رہے ہیں کہ نہیں اٹھا سکے، ماننا پڑے گا صوبائی حکومت کو، ٹارگٹ کلنگ اور، ابھی تو اس طرح کی سیچویشن شروع ہو گئی ہے کہ دو مہینے پہلے بونیر میں حبیب الرحمان خان یہاں پر بیٹھے ہیں سیکورٹی فورسز کے ایک بندے کو ذبح کیا گیا ہے، ذبح، وہ رپورٹ بھی نہیں ہوا ہے، نہ اخبارات میں رپورٹ ہوا ہے یعنی اغوا برائے تاوان، بھتہ خوری اور ٹارگٹ کلنگ اور میں یہ بھی بتاتا چلوں کہ جو شریف خاندان کے لوگ عزت دار، سکندر خان نے بھی اشارتاً یہ بات کہی ہے کہ جو خطوط ان کو موصول ہو رہے ہیں، جو دھمکیاں ان کو دے دی جا رہی ہیں بھتے کیلئے، وہ اتنے سنگین اور خطرناک جو نتائج کی ان کو دھمکیاں مل رہی ہیں تو وہ رپورٹ بھی درج نہیں کر رہے ہیں۔ مہینہ پہلے شامی روڈ پہ ایک بچہ اغوا ہو گیا تھا مہینے پہلے، ان کے Parents نے پچاس لاکھ روپے دیئے ہیں، یہ خبر نہ اخبار میں آئی ہے اور نہ انہوں نے رپورٹ درج کرائی ہے۔ یہ دہشت وحشت اور خوف وہراس کا جو ماحول ہے، Very sorry to say یعنی ایجنڈے پہ آج یہ ٹاپک موجود ہے، آج وزیر اعلیٰ نہیں ہے یعنی حکومتی ممبران کی آپ تعداد دیکھیں، اس سے اندازہ ہو سکتا ہے کہ حکومت کی ترجیحات میں امن وامان کی کتنی اہمیت ہے اور کتنی حیثیت ہے؟

میڈم سپیکر! یہ مسئلہ سب کا مسئلہ ہے، یہ کسی ایک پارٹی کا مسئلہ نہیں ہے، یہ کسی ایک حکومت کا مسئلہ نہیں ہے لیکن ہم جب پالیسی کی بات کرتے ہیں تو پھر ہمیں کھلے عام کہنا چاہیئے کہ ریاست کو کسی دوسری ریاست کو فتح کرنے کا رویہ ترک کرنا چاہیئے اور یہ کونسی کتاب میں ہے، افغانستان ایک آزاد ریاست ہے، پاکستان ایک آزاد ریاست ہے، ہندوستان ایک آزاد ریاست ہے، اب مجھے اپنے ریاست کے باشندے ہونے کے ناطے کیا یہ حق پہنچتا ہے کہ میں بتاؤں کہ میرے پڑوس کی جو ریاست ہے، وہ اس ملک کے ساتھ تعلق رکھے اور اس ملک کے ساتھ نہ رکھے، یہ کونسی بات ہوئی؟ افغانستان کو یہ حق پہنچتا ہے کہ وہ پاکستان کو یہ Dictate کرے کہ آپ نے امریکہ کے ساتھ تعلقات رکھنے ہیں اور آپ نے روس کے ساتھ تعلقات نہیں رکھنے ہیں؟ چالیس سال سے، شوکت صاحب کہتا ہے کہ بیس پچیس سال سے، چالیس سال سے ہم جل رہے ہیں، چالیس سال سے ہم نے امریکہ کیلئے بھی بائیس لاکھ لوگوں کی شہادتیں دی ہیں، ہم نے امریکہ کیلئے بھی جہاد فی سبیل اللہ کا نعرہ اٹھایا تھا، امریکہ کیلئے، آج ساری دنیا کہہ رہی ہے کہ اس وقت تو امریکہ اہل کتاب تھے اور روس پہ فتوے لگ رہے تھے کہ یہ کافر ہیں اور 'سور کا فر' ہیں، اس طرح کہتے تھے، صحیح کہا شوکت صاحب نے، پالیسیوں کی از سر نو تشکیل ہونی چاہیئے، افغانستان کسی ملک کے ساتھ تعلق رکھتا ہے بحیثیت آزاد مملکت، ریاست، وہ ہمارا پڑوسی ملک ہے، 65 پرسنٹ لوگ وہاں پر Pashto speaking لوگ ہیں، یہاں پہ آپ لوگ دیکھیں، عجیب کہانی ہے، افغانستان کے ساتھ ہماری اسلئے دشمنی ہے کہ وہاں پہ ہندوستان بیٹھا ہے، افغانستان کو ہم اسلئے اپنا دشمن سمجھتے ہیں، افغانستان کے ساتھ ہم اسلئے خوشگوار تعلقات نہیں بنا رہے کہ یہ Plea کر رہے ہیں کہ وہاں پہ ہندوستان بیٹھا ہے، میں پوچھنا چاہتا ہوں، میری 46 سال عمر ہے میں نے کبھی نہیں سنا کہ واہگہ بارڈر ایک دن کیلئے بند ہوا ہو، ایک دن کیلئے واہگہ بارڈر، اگر آپ میں سے کسی نے سنا ہو یا دیکھا ہو کہ واہگہ بارڈر ایک دن کیلئے بند ہوا ہو تو آپ میری تصحیح کریں لیکن میں تو روزانہ دیکھتا ہوں، چمن بارڈر بند ہے، طورخم میرا بند ہے، ادھر بھی پٹھان، ادھر بھی پٹھان، ادھر بھی مسلمان ادھر بھی مسلمان، تو یہ کس طرح بات ہوئی؟ لگ تو پھر ایسا رہا ہے کہ دشمنی ہماری ہندوستان کے ساتھ نہیں ہے، افغانستان کے ساتھ ہے۔ اب جس ملک کو ہم دشمن سمجھتے ہیں اس کے ساتھ تو روڈ

ٹرانسپورٹ بھی ہے، ٹریڈ ٹرانسپورٹ بھی ہے، ایریئل ٹرانسپورٹ بھی ہے لیکن جو ہمارا پڑوسی ملک ہے، جو ہمارا بھائی ہے جس کے ساتھ ہمارے رشتے ہیں، خونی رشتے ہیں، پاکستان کو، ہم نے اپنی ریاست کو یہ ضرور Propose کرنا ہے کہ اگر امن ہمیں چاہیئے افغانستان میں، ہندوستان کی مداخلت اگر ہم سمجھتے ہیں کہ مداخلت ہے، اگر ہم کسی دور یاستوں کے تعلقات کو مداخلت سمجھتے ہیں تو پھر میرے خیال میں ہمیں اپنی تصحیح کرنی چاہیئے، ہمیں افغانستان کو گلے لگانا چاہیئے، ہمیں افغانستان کو بھائی بنانا چاہیئے، وہ تو ہمارے قریب ہے، اب وہ ہندوستان کے تو قریب نہیں ہے، خود سے اگر ہم کسی فریق پڑوسی کو دشمن کی جھولی میں ڈال رہے ہیں تو قصور پھر دشمن کا نہیں ہے، قصور پھر پڑوسی کا نہیں ہے یہ پھر ہم نے ماننا ہے کہ قصور ہمارا ہے اور ہمیں اپنی تصحیح کرنی چاہیئے، ہم وکالت نہیں کر رہے ہیں لیکن اگر ہم یہ کہہ رہے ہیں کہ یہ سب کچھ ہندوستان کر رہا ہے تو ہندوستان میں آپ ائر پورٹ پر جاؤ جس طرح حاجی کیمپ میں فلائنگ کوچ کھڑے ہوتے ہیں، اس طرح ہیلی کاپٹر اور جہاز وہاں پہ کھڑے ہوتے ہیں، یہاں پہ ہماری مسجد محفوظ ہے، مدرسہ محفوظ ہے، اسمبلی محفوظ ہے، سکول محفوظ ہے، صحافی محفوظ ہے؟ چالیس سال سے اس طرح ہو رہا ہے، چالیس سال سے ہم الزامات لگا رہے ہیں، چالیس سال سے ہم دوسروں کو مورد الزام ٹھہرا رہے ہیں، ہماری ذمہ داری کدھر چلی گئی؟ اس چیز سے تو اب ایک تجارت بن گئی ہے، اس میں تو لوگوں نے انویسمنٹ کی ہے، اس میں تو ممالک نے انویسمنٹ کی ہے، یہ دہشت گردی یہ جو بدامنی ہے، یہ تو کاروبار بن گئی ہے کاروبار، بین الاقوامی کاروبار بن گئی ہے تو اگر دیکھا جائے تو پھر Common sense یہی کہتا ہے کہ یہ ہندوستان نے تو اپنے آپ کو Safe بنایا ہوا ہے، جب تک تمام پڑوسی ممالک کا ایک دوسرے پر اعتماد بحال نہیں رہے گا، ایک دوسرے پہ الزامات کا جو رویہ ہے یہ ترک نہیں ہوگا، شکوک وشبہات کی یہ جو فضاء ہے یہ ختم نہیں ہوگی۔ ہم جلیں گے، ہم مریں گے، میں تو Definitely appreciate کروں گا اپنے پولیس آفیسرز کو لیکن بحیثیت Member of this Assembly، بحیثیت Citizen of this country ان ماؤں کو میں کیا جواب دے دوں جو پاگل ہو رہی ہیں؟ جو پاگل ہو رہے ہیں، جو ذہنی مریض بن گئے ہیں، انہوں نے یہ بیٹے اور یہ بچے اسلئے پیدا کئے کہ مریں گے، ان کو پتہ بھی نہیں چلے گا کہ ان کو کس نے مارا

ہے،ان کو پتہ بھی نہیں چلے گا کہ کس جرم کی ان کو سزا ملی ہے؟ چلو میں تو Appreciate کروں گا اپنے آفیسرز کو، میں Appreciate بھی کرتا ہوں لیکن کیا الفاظ ہیں ہمارے پاس، کیا ہم ان کو کہہ سکتے ہیں کہ یہ آخری وار تھی، کیا ہم ان کو کہہ سکتے ہیں کہ یہ آخری جنازے تھے، کوئی کہہ سکتا ہے؟ نہیں، ہم مصلحت کے شکار ہیں، ریاست کی ذمہ داری ہے اور میری ریاست ناکام ہے، یہ کوئی مانے یا کوئی نہ مانے، یہ کوئی کہے یا کوئی نہ کہے، ہمیں تحفظ دینے میں ہماری ریاست ناکام ہے، کیا مشکلات ہیں ان کو، قوم کو بتائیں نا، یہ رپورٹس منظر عام پر کیوں نہیں آرہی ہے؟ آیا یہ جوزرعی انسٹیٹیوٹ کا واقعہ ہوا ہے، پتہ چلے گا کہ یہ کون تھے؟ ہیڈلائنز چلتی ہیں، کدھر سے چلتی ہیں، کدھر سے یہ خبریں چل رہی ہیں؟ ہم اپنی قوم کو دھوکے میں رکھ رہے ہیں، دہشت گردی ساری دنیا کا مسئلہ ہے لیکن ہم دہشت گردی کی لپیٹ میں ہیں، ہم لپیٹ میں ہیں۔ میڈم سپیکر! جب تک شوکت صاحب کہتے ہیں کہ تجویز ہونی چاہیئے۔ ہم اپنی ریاست سے مطالبہ کر سکتے ہیں کہ مذہبی مقامات کو، مذہبی مقامات کو جب تک سیاسی حکومتی اور ذاتی اختیارات کے حصول کیلئے استعمال ہو کر رہیں گے، یہ سلسلہ جاری رہے گا، مذہبی مقامات جب تک سیاسی اور حکومتی اختیارات کیلئے استعمال ہوتے رہیں گے، یہ سلسلہ چلتا رہے گا، لہذا اس کا نوٹس لینا چاہیئے۔ اس کی نگرانی ہونی چاہئیے، یعنی مذہبی جنون، مذہبی جنونیت عروج پر ہے اور مذہبی شعور کی کمی ہے، جب تک مذہبی شعور عام نہیں ہوگی اور پھر حیرت اسی بات پر ہوتی ہے، پھر شاہ فرمان صاحب کہیں گے کہ شاہ محمود قریشی صاحب اس دن چلتے ہیں اور اسلام آباد کے دھرنے میں بیٹھتے ہیں، یہ کیا پیغام ہے، یہ کیا پیغام ہے؟ انہی چیزوں کو تو Discourage کرنا چاہیئے۔ Discourage ہونا چاہیئے، ایک بندہ اٹھ کر کھڑا ہوتا ہے اور وہ چیلنج کرتا ہے کہ شاہ فرمان صاحب! آپ استعفیٰ دے دو ورنہ میں نہیں ہٹوں گا۔ شوکت خان! آپ استعفیٰ دے دو ورنہ میں نہیں ہٹوں گا، یہ کون ہے، یہ کدھر سے آئے ہیں، یہ کدھر سے آئے ہیں، اس کو کس نے بٹھایا ہے؟ مقاصد کیا ہیں؟ لہذا سیاسی جماعتوں کو ان چیزوں کو Discourage کرنا چاہیئے یہ بڑی مشکل رہتی ہے، پشاور میں اگر اسمبلی کے سامنے لوگ بیٹھ گئے کہ نہیں وزیر اعلیٰ صاحب کی داڑھی نہیں ہے، جب تک یہ استعفیٰ نہیں دینگے میں ادھر سے نہیں جاؤں گا، پولیس ان کے ساتھ کیا کرینگے، ان کو ماریں گے، ان چیزوں کو

Discourage ہونا چاہیئے۔ میڈم سپیکر! نیشنل ایکشن پلان کی یہاں سے بات ہوئی، اس پر من وعن عمل درآمد کرنا چاہیئے، یعنی کیوں اس پر عمل نہیں ہو رہا ہے، Banned جو تنظیمیں ہیں، کالعدم جو تنظیمیں ہیں، چندے ہو رہے ہیں، چندے ہو رہے چندے۔۔۔۔۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: بابک صاحب Carry on خو لږ غونديږ به ئے راتلو ل کړئ ، Because د مونځ وخت دے ، د مونځ وخت دے ، د ماښام، مازيګر خو لاړو قضا شو۔

جناب شاہ فرمان (وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ): میډم زه هم يو ضروري ميټنګ ته تلم۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: شاہ فرمان صاحب نے کہیں جانا ہے؟

جناب سردار حسین: خبرې خو پورا واورئ نو بيا ځئ۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: نه نه بس خير دے ، بابک صاحب خير دے ، شاه فرمان صاحب! خلاصوی ئے بس ، اوکے۔

جناب سردار حسین: ستر لوگوں میں اگر ایک منسٹر آیا ہے تو اس کو میرے خیال میں یہ برداشت کرنا ہوگا، ستر لوگوں میں ایک منسٹر آیا ہے، (تالیاں) یہ میرا بھائی ہے اس کو ذرا سننا چاہیئے۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: پہلے آپ Round up کریں۔

وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ: پھر جواب بھی سنیں گے۔

جناب سردار حسین: میں نہیں جاؤں گا، نیشنل ایکشن پلان پر عمل درآمد ہونا چاہیئے، میڈم سپیکر! اور تسلسل کے ساتھ ان کے اجلاس ہونے چاہئیں اور عوام کو آگاہ کرنا چاہیئے، کہ کیا پیش رفت ہو رہی ہے؟ جس طرح میں نے کالعدم تنظیموں کی بات کی، ان کو سیاسی نام دے دیئے جا رہے ہیں، سیاسی نام دے دیئے جا رہے ہیں۔ کالعدم جتنی بھی تنظیمیں ہیں، ان کے خلاف ایکشن ہونا چاہیئے، خواہ وہ جس صوبے میں بھی ہو، جب تک ریاست اور ریاست کے ادارے بروقت اور مؤثر کارروائیاں دہشت گردوں اور دہشت گردی کے خلاف نہیں اٹھائیں گے، کس طرح ہم کہیں گے کہ دہشت گردی ختم ہو گئی؟ میڈم سپیکر! ہمارے صوبے کا تو یہی حال ہے کہ جرائم میں جو اضافہ ہوا ہے، جرائم میں، غربت میں، یہ جو اقتصادی بحران پیدا ہوا ہے، اقتصادی بحران، ظاہر ہے یہی چیزیں

جو ہیں، یہی چیزیں یہ بھی Count کرتی ہیں، امن وامان کی جو صورتحال ہے، اسی طرح پچھلے ساڑھے چار سال میں، غربت میں جو اضافہ ہوا ہے، غربت میں، ظاہر ہے جس معاشرے میں غربت میں اضافہ ہو گا تو ظاہر ہے پھر جرائم میں بھی اضافہ ہو گا، غربت کی شرح میں اضافہ ہو گا تو جرائم میں بھی اضافہ ہو گا، میڈم سپیکر! منصوبہ بندی کرنا چاہیئے ہو گی، صوبائی حکومت کو بھی چونکہ لاء اینڈ آرڈر، دہشت گردی کا مسئلہ صوبائی نہیں ہے یہ بین الاقوامی ہے لیکن ذمہ داری جو بنتی ہے صوبائی حکومت کی، ہم یہی ریکویسٹ کرینگے کہ صوبائی حکومت کم از کم اس چیز کو سنجیدہ لے لے، ان کو بیٹھنا چاہیئے، سر جوڑنا چاہیئے اور یہ جو واقعات ہیں، یہ جو واقعات ہیں، ان کو مزید غیر سنجیدگی کے ساتھ نہیں لینا چاہیئے اور سنجیدگی کا مظاہر کرنا چاہیئے۔

Madam Deputy Speaker: Thank you, Thank you very much. Babak Sahib.Ji Shah Farman Sahib, Shah Farman Sahib.

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی: میڈم سپیکر! کورم کی نشاندہی کرتی ہوں، کورم پورا نہیں ہے۔

وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ: میڈم! یہ جواب Self explanatory ہے۔ کہ اپنی تقریریں کرا کر کورم کی نشاندہی، کورم اگر کم تھا تو اس سے پہلے بھی کم تھا، اگر آپ گورنمنٹ کا جواب نہیں سننا چاہتے، میڈم سپیکر! اس سے پتہ چلتا ہے۔۔۔۔۔

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی: میڈم سپیکر! میں نے تو کورم کی نشاندہی کی ہے۔

وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ: یہ ایک ہی بات کافی ہے، یہ ایک بات کافی ہے کہ آپ نے کورم، میں ذرا اس کے کورم کے اوپر بات کرتا ہوں، میں کورم کے اوپر بات کرتا ہوں۔۔۔۔۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: کورم پر بات کرتے ہیں پھر۔۔۔۔۔

وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ: میں کورم کے اوپر بات کرتا ہوں، پھر آپ واک آؤٹ کریں۔

(شور)

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی: میڈم سپیکر! میں نے تو کورم کی نشاندہی کی ہے۔

وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ: یرہ، آپ مجھے بات کرنے دیں پلیز۔

(شور)

محترمہ ڈپٹی سپیکر: هغه اجلاس نه کوی، هغوی کورم د رته پوائنټ آؤټ کړو۔

وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ: میں کورم کے اوپر بات کرتا ہوں، آپ جواب سننے کی اپنے اندر ہمت پیدا کریں، اور میڈم! مجھے انتہائی، نہیں میں کورم پر بات کرتا ہوں (شور) کورم کی نشاندہی کو اٹھاتا ہوں، میڈم سپیکر! وہ لوگ، میڈم سپیکر! وہ (شور) میڈم سپیکر! ایک تو لوگ نہ آئیں ان لوگوں کی لسٹ بتائیں جنہوں نے دیہاڑی لگا کر وہ جو ادھر آئے انہوں نے دیہاڑی لگا کر جو بھاگے ہیں، وہ کون ہیں؟ میڈم! آپ سے نہیں کہہ رہا اور دوسری بات اپنی بات کرکے، میں اس کو پیر تک، اس بحث کو، میڈم! یہ ایسے نہیں لیکن میں انتہائی افسوس سے کہتا ہوں کہ میڈم اگر ایک بندہ، بابک تو میرا دوست ہے، گھنٹہ تقریر کرکے اس کے اوپر بات نہیں ہوتی، آپ گورنمنٹ کی کیا بات کرینگے؟ آگے سے اس نے بات کی ہے۔۔۔۔۔

محترمہ ڈپٹی سپیکر: شاہ فرمان صاحب! میں یہ کر رہی ہوں، What I will do, count down، یہ کر لیں میں اسی ڈیبیٹ کو Monday کو لے جاؤں گی کیونکہ آپ لوگوں نے جواب۔۔۔۔۔

وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ: نہیں نہیں Monday تک نہیں، مجھے آپ بتائیں، میڈم سپیکر! میں آپ سے پوچھتا ہوں، یہ جو گیلری میں لوگ بیٹھے ہیں، کل یہ حکومت کا کیا لکھیں گے، کل یہ حکومت کا کیا لکھیں گے، کل یہ حکومت کا کیا لکھیں گے؟ آپ نے کبھی یہ سوچا ہے کہ آیا یہ حکومت لکھیں گے، ڈپٹی سپیکر! کیا آپ سپیکر کی ذمہ داری نبھا رہی ہو؟

محترمہ ڈپٹی سپیکر: ہاں۔

وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ: یہ جو تین گھنٹے تقریریں ہوئیں، یہ کیا لکھیں گے، یہ کیا لکھیں گے، یہ کیا لکھیں گے؟ آپ اس طرح متوجہ ہیں کہ کوئی سیمینار میں بیٹھا ہوا ہے، میڈم! اس طرح بھی کوئی کرتا ہے کہ پانچ گھنٹے تقریریں ہوئیں اور اب اپوزیشن میں ہمت نہیں ہے سننے کی، میں آپ کو دو منٹ میں بتا دوں، بابک صاحب نے سوالات کئے، بابک صاحب نے سوالات کئے ہیں کہ یہ کون ہیں؟

محترمہ ڈپٹی سپیکر: Bell, bell کریں، ذراBell، آپ کاؤنٹ کرلیں، کاؤنٹ کرلیں، کاؤنٹ، شاہ فرمان، شاہ فرمان، نمبرز کاؤنٹ کرلیں ذرا، شاہ فرمان، شاہ فرمان۔ Shah Farman, Shah farman,you will continue on Monday Insha Allah، باقی Monday کو اپوزیشن کو ٹائم نہیں دیا جائے گا، Monday کو (شور) Bell, bell بجائیں Bell، کورم پورا ہے؟ Bell بجائیں، کورم پورا ہے؟ Bell بجائیں، کورم پورا ہے؟ (شور) Bell بجائیں ذرا، Bell غږ وئ؟ (شور) Bell دغه Bell او کاؤنټ کړئ۔ (شور) کاؤنټ، سیکرٹری صاحب! کاؤنٹ کرلی ہے، برابر ہے، برابر ہے؟ آپ ذرا۔۔۔۔۔

(شور)

وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ: آپ میری بات سنیں، لیکن Monday کو آپ کدھر بھاگیں گے، آج تو چلو آپ بھاگ گئے تو Monday کو آپ کدھر بھاگیں گے؟

محترمہ ڈپٹی سپیکر: هم دا دغه به Monday ته وی۔

وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ: ٹرمپ سے زیادہ تو ٹرمپ کی بات نیشنل اسمبلی میں مانی گئی، یہ تو ٹرمپ نے کہا تھا کہ قادیانی مسلمانوں کو حق دو۔

Madam Deputy Speaker: The session is adjourned till 03:00 pm afternoon, 11th December 2017, but Shah Farman! On Monday, remember, on Monday we will have the same agenda, thank you.

---

(اجلاس بروز سوموار مورخہ 11 دسمبر 2017ء بعد از دوپہر تین بجے تک کیلئے ملتوی ہو گیا)